پہلی بار اردو ترجمہ کے ساتھ شائع ہونے والی چھ سو سالہ پُرانی کتاب

# الْمَوَارِدُ الْهَنِيَّة فِي مَوْلِدِ خَيْرِ الْبَرِيَّة ﷺ (مخطوط)

کا ترجمہ بنام

# میلادِ نور ﷺ


مؤرخ مدینہ

امام نور الدین علی بن احمد سمہودی رحمۃ اللہ علیہ متوفیٰ ۹۱۱ھ

ترجمہ و تحقیق

فضیلۃ الاستاذ

مفتی ابو محمد اعجاز احمد حفظہ اللہ





## جميع الحقوق محفوظة



| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | المَوَارِدُ الهَنِيَّة فِي مَوْلِدِ خَيْرِ البَرِيَّة ﷺ |
| تالیف | : | امام نور الدین علی بن احمد سمہودی |
| ترجمہ و تحقیق | : | فضیلۃ الاستاذ مفتی ابو محمد اعجاز احمد حفظہ اللہ |
| تقدیم | : | شیخ الحدیث مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی حفظہ اللہ |
| نظر ثانی | : | ڈاکٹر علامہ حامد علی علیمی حفظہ اللہ |
| اشاعت اوّل | : | دسمبر ۲۰۱۴ء / بمطابق ربیع الاوّل ۱۴۳۶ھ |
| صفحات | : | |

## جمعیت اشاعت اهل سنت

نور مسجد، کاغذی بازار میٹھادر، کراچی

فون: +922132439799


**خوشخبری:** یہ کتاب اس ویب سائٹ پر بھی ہے:

www.ishaateislam.net

# فہرستِ مضامین


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱. | تقدیم | 06 |
| ۲. | پیش لفظ | 08 |
| ۳. | شرفِ انتساب | 09 |
| ۴. | تعارفِ مصنف | 10 |
| ۵. | خطبۃ الکتاب | 19 |
| ۶. | قرآن مجید اور شانِ رسول ﷺ | 20 |
| ۷. | عالم ملکوت میں شانِ احمدی کا ظہور | 20 |
| ۸. | نسب محمدی کی شان وپاکیزگی | 23 |
| ۹. | جبین عبد المطلب اور نورِ کونین | 28 |
| ۱۰. | سیدنا یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کا خونی پیراہن | 28 |
| ۱۱. | زم زم کا کنواں | 29 |
| ۱۲. | سیدنا عبد المطلب کی مَنّت | 30 |
| ۱۳. | قریش کی خواتین اور نورِ محمدی | 32 |
| ۱۴. | نکاح سیدنا عبد اللہ وسیدہ آمنہ | 33 |
| ۱۵. | والد ماجد کی وفات | 34 |
| ۱۶. | آمد مصطفیٰ ﷺ | 35 |





| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۷. | معجزاتِ ولادت | 38 |
| ۱۸. | نام محمد ﷺ | 40 |
| ۱۹. | رضاعت | 41 |
| ۲۰. | حلیمہ سعدیہ کی خوش بختی | 41 |
| ۲۱. | شقِ صدر | 45 |
| ۲۲. | سیدتنا خدیجہ کی حلیمہ سعدیہ پر سخاوت | 47 |
| ۲۳. | رضاعی بہن کی آمد اور مصطفیٰ کریم ﷺ کی محبت | 48 |
| ۲۴. | والدہ کے ساتھ مدینہ منورہ کا سفر | 49 |
| ۲۵. | دادا کا وصال اور چچا کا پرورش کرنا | 51 |
| ۲۶. | تجارتی سفر | 51 |
| ۲۷. | سیدہ خدیجہ کا مال تجارت | 52 |
| ۲۸. | تعمیر خانہ کعبہ اور تنصیب حجرِ اسود | 53 |
| ۲۹. | اعلانِ نبوت ورسالت | 54 |
| ۳۰. | اوّلین اسلام لانے والے خوش نصیب | 54 |
| ۳۱. | ابو طالب کا وصال اور مصائب کا آغاز | 55 |
| ۳۲. | معراج نبوی | 56 |
| ۳۳. | معراج نبوی اور قریش کے سوالات | 57 |
| ۳۴. | دعوت وتبلیغ | 58 |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۵. | ہجرتِ مدینہ کا سفر | 58 |
| ۳۶. | فتحِ مکہ اور بتوں کی رسوائی | 60 |
| ۳۷. | محمد مصطفیٰ ﷺ کے معجزات | 60 |
| ۳۸. | خصائص و کمالات کی جھلک | 61 |
| ۳۹. | حسنِ ازل کی تصویر و تنویر | 62 |
| ۴۰. | شجاعت نبوی اور صحابہ کرام | 62 |
| ۴۱. | اخلاق و کردار | 63 |
| ۴۲. | حجۃ الوداع | 64 |
| ۴۳. | مرض وصال کا آغاز | 65 |
| ۴۴. | زندگی اور وصال کا اختیار | 66 |
| ۴۵. | دم وصال بھی اُمت کی فکر | 67 |
| ۴۶. | وصال نبوی | 69 |
| ۴۷. | تجہیز و تکفین | 70 |
| ۴۸. | نمازِ جنازہ اور تدفین | 72 |
| ۴۹. | شہزادی کونین فاطمہ زہراء کی باباجان کے مزار پر حاضری | 73 |
| ۵۰. | مزارِ نبوی کی برکات تا قیامت رہیں گی | 76 |
| ۵۱. | المصادر والمراجع | 83 |




# تقدیم

باعث تخلیق کائنات، فخر انسانیت کی آمد سے قبل انسان کفر و شرک، ظلم و ستم کی اندھیریوں میں تھا اور دیانت و امانت و شرافت ناپید تھی۔ لوٹ کھسوٹ، چوری وڈاکہ زنی، بد دیانتی، وعدہ خلافی لوگوں کا عام شیوہ تھا جوا، شراب نوشی، زناکاری اُن کا مشغلہ تھا، الغرض برائی کرنا اور اُس پر فخر کرنا اُن کی عادت تھی، ہر طرف اندھیرا تھا آنکھیں روشنی کی کرن کو ترس گئیں تھیں۔

ربّ کائنات نے کرم فرمایا، محبوب ربِّ کائنات ﷺ کی جلوہ گری ہوئی، عظیم انقلاب آیا، کفر و شرک کے اندھیرے دُور ہوئے۔ فحاشی و عُریانی شرم و حیا میں بدلی، آقائے دوجہاں، سرور دوعالم و عالمیاں ﷺ نے انسانیت کو پستی سے نکال کر عظمت و رفعت کی بلندیوں تک پہنچا دیا، بھٹکے ہوئے راہِ راست پر لگے، دکھیوں کے دکھ کافور ہوئے۔ رنگ و نسل، قوم و وطن، گورے اور کالے کا فرق ختم ہوا۔ ایک ایسا نظام عطا فرمایا کہ جس میں بنی نوع انسان کی کامیابی کا راز تھا۔ جس نظام کے آتے ہی سوچ کے زاویے تبدیل ہوئے، صدیوں کے دشمن آپس میں بھائی بھائی بن گئے۔ بچیوں کو زندہ در گو کرنے والے اُن کی پیدائش کو رحمتِ خداوندی سمجھنے لگ گئے۔ الغرض حیرت انگیز انقلاب آیا، یہ انقلاب جس عظیم تر ہستی کے وجود مسعود سے آیا، اُس کی آمد کا تذکرہ کرنا ہمیشہ سے اہلِ ایمان کا شیوہ رہا ہے۔ اس پر بے شمار علماء نے لکھا ہے، اس پر بہت کچھ شائع ہوا ہے اُن میں سے ایک مؤرخ

مدینہ امام نور الدین علی بن احمد سمہودی متوفی ۹۱۱ ھ بھی ہیں، جنہوں نے «الموارد الهنيّة في مَولد خير البرية ﷺ» کے نام سے ایک رسالہ تحریر کیا جس میں انہوں نے نبی کریم ﷺ کی عالم ملکوت میں شان سے لے کر آپ ﷺ کے پاک نسب تک اور ولادت باسعادت سے قبل کے واقعات ومعجزات سے لے کر حضور ﷺ کے وصال باکمال تک کو نہایت اختصار مگر جامعیت کے ساتھ بیان کیا ہے، جس کی تفصیل فہرست مضامین اور پھر رسالہ کو پڑھ کر معلوم کی جاسکتی ہے۔

اس مفید ونادر نسخہ کو جو ہنوز عربی زبان میں تھا اور شائع نہ ہوا تھا، محترم مفتی محمد اعجاز احمد نے اردو زبان میں منتقل کیا ہے۔ ترجمہ کی زبان نہایت شُستہ اور عبارات سہل اور بامحاورہ ہے، آپ نے نصوص کی تخریج اور کہیں کہیں حواشی بھی تحریر فرمائے ہیں۔ مفتی صاحب نے اس کے علاوہ بھی کئی کتب ورسائل کے ترجمے اور ان میں موجود نصوص کی تخریج فرمائی ہے اور ان میں سے چند جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) نے اور باقی دوسرے اشاعتی اداروں نے شائع کئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کے علم وعمر میں برکتیں عطا فرمائے اور علمِ دین کی خدمت کی مزید توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین سیدنا ومولانا محمد وآلہ وأصحابہ أجمعین۔

**مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی**

خادم الحدیث والإفتاء جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان)



## پیش لفظ

ادارہ جمعیت اشاعت اہلسنّت (پاکستان) ایک عرصے سے قارئین کرام کو بہت مفید مواد مہیا کر رہا ہے اور کئی سالوں سے ایسے رسائل شائع کر رہا ہے کہ جو پہلی دفعہ چھپے یا اُن کا ترجمہ پہلی بار منظر عام پر آیا، یا جو ایک عرصہ سے شائع نہیں ہو رہے تھے تو ادارے نے جدید کمپوزنگ اور نصوص کی تخریج کے ساتھ انہیں شائع کیا۔ اور تراجم، تحقیق و تخریج وغیرہا کا کام ادارے میں ہی ہوا، کچھ دوستوں جیسے ڈاکٹر حامد علیمی اور مفتی محمد اعجاز احمد وغیرہما نے کر کے دیا۔

ادارے نے اپنی اس روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس مرتبہ ایک ایسے رسالے کو بمعہ اردو ترجمہ شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے جو ہنوز عربی زبان میں بھی شائع نہیں ہوا تھا، یہ رسالہ مشہور عالم اور تاریخ دان مؤرّخ مدینہ علامہ نور الدین علی بن احمد سمہودی متوفی ۹۱۱ھ کی میلاد شریف پر «الموارد الهنيّة في مَولد خير البرية ﷺ» کے نام سے ایک نایاب تصنیف ہے جو الحمد للہ پہلی بار اصل متن اور ترجمہ کے ساتھ شائع ہو رہی ہے۔ اس نایاب اور مفید رسالہ کا اردو زبان ترجمہ فضیلۃ الاستاد مفتی ابو محمد اعجاز احمد مد ظلہ نے ایک مخطوط نسخے سے کیا اور ادارہ کو اس کی اشاعت کی اجازت مرحمت فرمائی۔

ادارہ اسے اپنی مفت سلسلہ اشاعت کے ۲۴۸ نمبر پر شائع کر رہا ہے۔

دعا ہے اللہ تعالیٰ مؤلف، مترجم کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔

**محمد عرفان المانی**

# شرفِ انتساب

خوشبوئے رسول

## سیدنا حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ

کی بارگاہ میں

جو آج سے ۱۳۴۰ سال قبل میدانِ کربلا میں سرخرو ہو کر

اُمت مسلمہ کو نشانِ منزل دے گئے

**"طالب نگاہ و کرم"**

**ابو محمد اعجاز احمد**

***Contact: 0321.2166548***

**aijazalqadri@hotmail.com**



# تعارفِ مصنف

## مورخ مدینہ امام نور الدین علی بن احمد سمہودی[1]

آپ کا سلسلہ نسب یوں ہے:

**ابوالحسن نورالدین علی** بن قاضی عفیف الدین عبداللہ بن احمد بن ابو الحسن علی بن ابوروح عیسیٰ بن ابو عبداللہ محمد بن عیسیٰ بن محمد بن عیسیٰ بن جلال الدین بن ابو العلیا بن ابوالفضل جعفر بن علی بن ابوطاہر بن حسن بن محمد بن احمد بن محمد بن حسن بن محمد بن اسحاق بن محمد بن محمد بن سلیمان بن داود بن حسن اکبر بن علی بن ابو طالب، ہاشمی حسنی، رضی اللہ عنہم اجمعین۔

آپ کے نام میں سمہودی کی نسبت دراصل ایک جگہ کی مناسبت سے ہے جسے سمہود یا سمہوط دونوں کہا جاتا ہے، یہ دریائے نیل کے کنارے ایک بڑا قصبہ ہے جو اپنی زراعت کے لحاظ سے مشہور ہے۔ امام سمہودی کی پیدائش صفر المظفر ۸۴۴ ہجری میں ہوئی، ابتدائی تعلیم وتربیت اسی مقام پر اپنے والد گرامی کے زیر سایہ پائی اوراس کے بعد مختلف مقامات کا سفر کرتے ہوئے اکتساب علم کیا، آپ کے اساتذہ کرام میں مندرجہ ذیل ائمہ اسلام سرفہرست نظر آتے ہیں:

---

[1] الضوء اللامع لاھل القرن التاسع للسخاوی،۵/۲۴۵، خلاصۃ الاثر للمحبی،۱/۴۳، النور السافر، ص۵۸۔

۱۔ **قاضی عفیف الدین عبد اللہ بن احمد حسنی (والد گرامی):**

ان کے پاس ابتدائی تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ قرآن مجید اور کتاب المنہاج کو حفظ کیا، علم قرات و کتابت سیکھا نیز کتاب المنہاج کو جلال محلی کی شرح کے ساتھ مکمل پڑھا، جمع الجوامع، الفیہ ابن مالک فی النحو، صحیح بخاری اور مختصر صحیح مسلم للمنذری کا درس لیا، بعد ازاں چودہ سال کی عمر میں والد گرامی کی معیت میں قاہرہ کا تعلیمی سفر کیا۔

۲۔ **شیخ محمد بن عبد المنعم شمس جوجری:**

امام سمہودی نے ان کے پاس فقہ، اصول اور ادبِ عربی کی تعلیم حاصل کی، جس میں توضیح لابن ہشام، خزرجیہ مع حواشی، جلال محلی کی شرح منہاج، شرح جمع الجوامع اور دیگر کتابوں کا درس و سماع کیا۔

۳۔ **امام ابو زکریا شرف الدین یحییٰ مناوی:**

امام سمہودی نے ان کے یہاں بہت عرصہ تک تعلیم پائی، آپ نے تنبیہ، حاوی، شرح البہجۃ، شرح جمع الجوامع، حاشیہ مناوی علی البہجۃ، مختصر المزنی، الفیہ عراقی، بستان العارفین للنووی، رسالہ قشیریہ، صحیح بخاری، صحیح مسلم، مختصر الاصول للبارزی، تفسیر بیضاوی وغیرہ کا درس و سماع کیا۔ امام مناوی علیہ الرحمہ نے انہیں خرقہ تصوف بھی پہنایا۔

۴۔ **شیخ محمد بن مراہم الدین شمس شروانی شافعی:**

امام مناوی نے ان کے پاس شرح عقائد نسفی للتفتازانی، شرح طوالع



للاصفہانی، تفسیر کشاف، مختصر سعد الدین علی التلخیص، مطول، عضدی شرح ابن حاجب، شرح المنہاج للعزی اور دیگر بہت سی کتب کا درس لیا۔

۵۔ **شیخ شہاب الدین احمد بن اسماعیل بن ابی بکر بن عمر بن بریدہ الابشیطی:**

امام سمہودی نے مکہ مکرمہ میں سن ۸۷۲ ہجری میں اور مدینہ منورہ میں سن ۸۷۳ ہجری میں ان کی صحبت سے اکتساب فیض کیا۔ ان کے پاس تفسیر بیضاوی، توضیح ابن ہشام، اور دیگر کتابوں کے علاوہ ان کی اپنی تحریر کردہ کتب یعنی شرح خطبہ منہاج اور حاشیہ خزرجیہ کا بھی درس لیا۔ انہوں نے امام سمہودی کو تدریس کی باقاعدہ اجازت بھی مرحمت فرمائی۔

۶۔ **شیخ ابو السعادات سعد الدین محمد بن سعید حنفی: قاضی حنفیہ**

آپ نے ان کے پاس عمدۃ الاحکام کی تعلیم حاصل کی، انہوں نے بھی آپ کو تدریس کی اجازت عنایت فرمائی۔

۷۔ **شیخ محمد بن ابراہیم بن عبد الرحمن المعروف بالنجم بن قاضی عجلون:**

آپ نے ان کے پاس کتاب المنہاج کی تصحیحات کے اسباق پڑھے۔

۸۔ **شیخ محمد بن احمد بن محمد بن فقیہ احمد المعروف شمس البامی:**

آپ نے ان کے پاس شرح البہجۃ اور کتاب المنہاج کی تقسیم کے کچھ اسباق پڑھے تھے۔

۹۔ **امام صالح بن عمر بن رسلان بن نصیر المعروف علم الدین بلقینی:**

آپ نے ان کے مختلف دروس میں شرکت کی سعادت حاصل کی۔

**۱۰۔ شیخ عمر بن محمد بن محمد بن ابوالخیر محمد المعروف بانجم عمر بن فہد :**

آپ نے مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران ان سے استفادہ کیا۔

**۱۱۔ شیخ ابوالفضل محمد بن محمد الکمال المرجانی:**

آپ نے مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران ان سے استفادہ کیا۔

**۱۲۔ شیخ محمد بن محمد الزین المراغی :**

آپ نے مدینہ منورہ میں قیام کے دوران ان سے استفادہ کیا۔

**۱۳۔ امام الکاملیہ شیخ محمد بن محمد بن محمد قاہری :**

آپ نے ان کے دروس میں شرکت کی اور شیخ موصوف نے انہیں خرقہ پہنایا اور ذکر کی تلقین فرمائی۔

**۱۴۔ شیخ الاسلام زکریا بن محمد بن احمد انصاری شافعی :**

آپ نے ان کے پاس شرح المنہاج الاصلی للاسنائی اور میراث میں شرح منظومہ ابن الہائم کا درس لیا۔

**۱۵۔ شیخ سعد بن محمد بن عبداللہ المعروف ابن الدیری :**

آپ نے ان کے پاس عمدۃ الاحکام کے کچھ اسباق پڑھے اور انہوں نے آپ کو تدریس کی اجازت مرحمت فرمائی۔

**۱۶۔ شیخ عثمان بن صدقہ بن علی دمیاطی شار مساحی:**

شیخ موصوف نے امام سمہودی سے طویل علمی و فقہی مذاکرے اور امتحان کے بعد آپ کو تدریس اور افتاء کی اجازت عنایت فرمائی۔



**۱۷۔ شیخ عفیف عبداللہ بن قاضی ناصر الدین بن صالح :**

آپ نے ان کی اجازات میں سے کچھ کو پڑھا اور شیخ نے انہیں عمر الاعرابی کی ہیئت والا تصوف کا خرقہ پہنایا۔

## امام سمہودی کی تصانیف

امام نورالدین سمہودی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں بہت سی علمی کتب کا ذخیرہ مہیا کیا جس سے آپ کا علمی تفوق آشکار ہوتا ہے لیکن ان میں سے بہت سے کتب مدینہ منورہ میں لگنے والی تاریخ آگ کی زد میں آکر نذر آتش ہو گئیں، یہ آگ ۸۸۶ ہجری میں رمضان کے مہینے میں لگی تھی، جس کا ذکر ابن العماد نے شذرات الذھب ج۹، ص۵۱۵ اور امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے الذیل التام ج۲، ص۱۹۹ میں بھی کیا ہے ، آپ اس آتشزدگی کے وقت مورخ یگانہ ابن العماد کے ہمراہ مدینہ منورہ سے سفر کر کے مکہ مکرمہ حاضر ہوئے تھے، یوں ان کتب میں سے بیشتر کا دنیاوی وجود تو ناپید ہو گیا لیکن ان کا اجر اللہ تعالیٰ کے یہاں ثابت و موجود ہے۔

انہی کتابوں میں تاریخ مدینہ پر لکھی گئی آپ کی بے مثل، شہرہ آفاق اور زبانِ زد عام کتاب لاجواب **الوفاء باخبار دارِ المصطفیٰ** ﷺ بھی تھی جسے بعد ازاں مختصر طور پر آپ نے دوبارہ تحریر کیا جو **وفاء الوفا باخبار دارِ المصطفیٰ** ﷺ کے نام سے اب مطبوعہ صورت میں موجود ہے اور اب بھی یہ کتاب تاریخ مدینہ کا سب سے ضخیم اور مستند ترین ماخذ جانا جاتا ہے، اس کتاب کا ایک ضخیم جلد میں خلاصہ آپ ہی نے تحریر کیا جسے **خلاصۃ الوفاء** کہا جاتا ہے ، ہمیں امام سمہودی کی تصانیف کے جتنے بھی

نام ملے ہیں انہیں یکجا لکھ رہے ہیں، جن میں سے ۲۰ کتب کے نام محقق کتاب جواہر العقدین للسمہودی نے باحوالہ ذکر کیے ہیں جبکہ باقی ویکی پیڈیا پر آپ کے تعارف کے ذیل میں مندرج تھے وہاں سے لیے ہیں۔

۱. جواھر العقدین فی فضل الشرفین (شرف العلم والنسب)۔ مطبوع
۲. اربعون حدیثاً فی فضل الرمی بالسارم۔ مخطوط
۳. الانوار السنیۃ فی اجوبۃ الاسئلۃ الیمنیۃ۔ مخطوط
۴. ایضاح البیان لما ارادہ الحجۃ (اي الغزالي، من لیس بالامکان ابدع مماکان)۔ مخطوط
۵. تحفۃ الراغبین فی تحریر مناضج الطالبین (فی الفقہ)۔ مخطوط
۶. تحقیق المقالۃ فی عموم الرسالۃ۔ مخطوط
۷. تخمیس مثلث قطرب۔ مخطوط
۸. الثمار الیوانع علی جمع الجوامع، للمحلی فی الفقہ۔ مخطوط
۹. الجوھر الشفاف فی فضائل الاشراف۔ مخطوط
۱۰. اقتفاء الوفاء باخبار دارِ المصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم (جو نذر آتش ہوگئی تھی)۔ مفقود
۱۱. خلاصۃ الوفاء باخبار دارِ المصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم۔ مطبوع
۱۲. وفاء الوفا باخبار دار المصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم۔ مطبوع
۱۳. الانتصار لبُسط روضۃ المختار۔ مفقود
۱۴. دفع التعرض والانکار لبُسط روضۃ المختار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم۔ مفقود
۱۵. دُرود السکینۃ علی بُسُط المدینۃ۔ مخطوط



۱۶. حواشی علی الدمیری۔ مفقود
۱۷. الحکم العشرۃ فی مقابلۃ شم الطیب بسوال المغفرۃ۔ مفقود
۱۸. ختم البخاري ومسلم۔ مفقود
۱۹. ختم مناہج الطالبین۔ مفقود
۲۰. اکمال المواھب وھو ذیل علی المواھب فی الفقہ۔ مفقود
۲۱. تحریر العبارۃ فی بیان موجب الطارۃ فی الفقہ۔ مفقود
۲۲. درر السُمُوط فیما للوضوء من الشروط فی الفقہ۔ مطبوع
۲۳. ذروۃ الوفاء بما یجب لحضرۃ المصطفیٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم۔ مطبوع
۲۴. رسالۃ فی حکم الاحصار فی الحج فی الفقہ۔ مخطوط
۲۵. رسالۃ فی مسائل الماموم والمسبوق فی الفقہ۔ مخطوط
۲۶. زاد المسیر لزیارۃ البشیر۔ مفقود
۲۷. شرح الباب الاخیر من ابن ماجہ (ختم ابن ماجہ)۔ مفقود
۲۸. شرح الآجرومیۃ فی النحو۔ مخطوط
۲۹. شرح مثلث قطرب۔ مخطوط
۳۰. شفاء الاشواق لحکم مایکثر بیعہ فی الاسواق۔
۳۱. طیب الکلام بفوائد السلام فی الفقہ۔ مطبوع
۳۲. العقد الفرید فی احکام التقلید، فی اصول الفقہ۔ مطبوع
۳۳. الغرر البہیۃ شرح المناسک النوویۃ للنووي فی الفقہ۔ مخطوط

۳۴. الغماز علی اللماز (وھو فی الاحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ)۔ مطبوع

۳۵. الفتاوی ۔ مفقود

۳۶. الفوائد الجمۃ فی المسائل الثلاث المھمۃ، وھو فی مسائل الحلف بالطلاق فی الفقہ۔ مخطوط

۳۷. النصیحۃ الواجبۃ القبول فی بیان موضع منبر الرسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم۔ مفقود

۳۸. القول المستجاد فی شرح کتاب اماثت الاولاد فی الفقہ۔ مخطوط

۳۹. کشف الجلباب والحجاب عن القدوۃ فی الشباک والرحاب۔ مخطوط

۴۰. کشف اللبس عن دسائس النفس۔ مطبوع

۴۱. کشف اللبس عن المسائل الخمس۔ مفقود

۴۲. کشف المغطیٰ فی شرح الموطا۔ مفقود

۴۳. اللولو المنثور فی نصیحۃ ولاۃ الأُمور، فی الفقہ۔ مخطوط

۴۴. المحرر من الآراء فی حکم الطلاق بالابراء۔ فی الفقہ

۴۵. مسودۃ شرح الورقات فی اصول الفقہ۔ مفقود

۴۶. مصابیح القیام فی شرر الصیام فی الفقہ۔ مفقود

۴۷. المقالات المسفرۃ عن دلائل المغفرۃ۔ فی الفقہ۔ مطبوع

۴۸. الموارد الھنیۃ فی مولد خیر البریۃ (اسی کتاب کا ہم نے اردو ترجمہ کیا ہے) مخطوط

۴۹. المواھب الربانیۃ فی وقف العثمانیۃ۔ مفقود

۵۰. مواھب الکریم الفتاح فی المسبوق المشتغل بالاستفتاح، فی الفقہ۔ مخطوط



۵۱. نصیحۃ اللبیب فی مرأی الحبیب۔ مفقود

۵۲. حاشیہ شرح العقائد۔ مفقود

۵۳. امنیۃ المعتنین بروضۃ الطالبین فی الفقہ۔ مفقود

۵۴. مسالۃ فرش البسط المنقوشہ۔ مفقود

امام سمہودی نے ۶۷ سال کی عمر پائی اور خدمت اسلام کرتے ہوئے ۹۱۱ ہجری میں واصل بحق ہو کر مدینہ منورہ میں مدفون ہوئے، اللہ تعالیٰ اِن پر اپنی جناب سے رحمت ورضوان نازل فرمائے۔ آمین

## خطبة الكتاب

الحمد لله الذي أطلع في أُفق الجلال نور الوجود، وأبرز في حلل الجمال والكمال من أشرف العناصر أشرف مولود، ورقاه في مدارج المعارف إلى حضرات الإنس والشهود، واختصه بخصائص ودّه وحبّه فهو مودود ربّه الودود، وجعل شهر ربيع بمولده نور النور وأزهر النور لظهور فيه رحمة بهذا الوجود فهو موسم الخيرات ومعدن المسرات عند كلّ مسعود وفضل محتده ومثواه فما شابهه أحد فى حلاه وعلاه على ما خصه به المعبود، وأشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له شهادة أعدّها اللواء الموعود، وأشهد أنّ سيدنا محمداً عبده ورسوله صاحب الحوض المورود والمعقود، صلى الله عليه وعلى آله وأنصاره وأصحابه وأحبابه وأصهاره صلاة مستمرة دائمة الورود، موجبة لقائلها أعلى الدرجات من دار الخلود مع المقربين الشهود الرُّكع السجود، من فضل مولاه الرحيم الودود.



## قرآن مجید اور شانِ رسول ﷺ

حمد وصلوٰۃ کے بعد!

اللہ تعالی ہم سب کو سچائی کی حلاوتوں سے بہریاب فرمائے اور (اپنے محبوبِ جلیل) مصطفی ﷺ کی اتباع نصیب فرمائے، اللہ تعالی نے قرآن مجید میں اپنے نبی (محمد مصطفی ﷺ) کی شان اور صفتِ کریمہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

اَلَّذِیۡنَ یَتَّبِعُوۡنَ الرَّسُوۡلَ النَّبِیَّ الۡاُمِّیَّ الَّذِیۡ یَجِدُوۡنَهٗ مَكۡتُوۡبًا عِنۡدَهُمۡ فِی التَّوۡرٰىةِ وَالۡاِنۡجِیۡلِ ۫ [الاعراف۷: (۱۵۷)]

ترجمہ: ”وہ جو غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت اور انجیل میں“۔

اور اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ نے ان کے خلق کریم کی ثنا بیان کی نیز بزرگی و تکریم کے لیے تاکیدی الفاظ کا اضافہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیۡمٍ ○ [القلم ۶۸: (۴)]

ترجمہ: ”اور بے شک تمہاری خو بڑی شان کی ہے“۔

### عالم ملکوت میں شانِ اَحمدی کا ظہور

امام مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت سیدنا عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(اِنَّ اللهَ تعالی كَتَبَ مَقَادِيْرَ الْخَلْقِ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضَ

بِخَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ [ قال ] وَ كَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ)[2]۔

ترجمہ:"اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کی تخلیق سے ۵۰ ہزار سال قبل مخلوقات کی تقدیریں لکھ دیں اور اُس وقت عرشِ الٰہی پانی پر تھا"۔

اور جو کچھ اُم الکتاب یعنی لوحِ محفوظ میں لکھا گیا تھا اس میں سے یہ بھی تھا کہ محمد ﷺ خاتم النبیین ہیں۔

امام حاکم نے حضرت سیّدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(لَمَّا اِقْتَرَفَ آدَمُ الْخَطِيْئَةَ قَالَ يَارَبِّ اَسْأَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اَلَّا غَفَرْتَ لِيْ ؟ فَقَالَ اللهُ تَعَالٰى يَا آدَمُ وَ كَيْفَ عَرَفْتَ مُحَمَّدًا وَ لَمْ اَخْلُقْهُ ؟ قَالَ : لِاَنَّكَ يَارَبِّ لَمَّا خَلَقْتَنِيْ بِيَدِكَ وَ نَفَخْتَ فِيَّ مِنْ رُوْحِكَ رَفَعْتُ رَأْسِيْ فَرَأَيْتُ عَلٰى قَوَائِمِ الْعَرْشِ مَكْتُوْبًا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ فَعَرَفْتُ اَنَّكَ لَمْ تُضِفْ اِلٰى اِسْمِكَ اِلَّا اَحَبَّ الْخَلْقِ اِلَيْكَ فَقَالَ اللهُ تعالىٰ : صَدَقْتَ يَا آدَمُ لِاَنَّهُ اَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَيَّ وَاِذَا سَأَلْتَنِيْ بِحَقِّهِ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكَ وَلَوْ لَا مُحَمَّدٌ مَاخَلَقْتُكَ)[3]۔

---

[2] صحیح مسلم، کتاب القدر، باب حجاج آدم وموسی، ص ۱۲۲۵، رقم ۲۶۵۳: سنن الترمذی، کتاب القدر، باب ۱۸، ص ۴۸۷، رقم ۲۱۵۶: تفسیر الدر المنثور، ج ۸، ص ۱۸۔

[3] مستدرک للحاکم، ج ۲، ص ۷۲۲، رقم: ۴۲۸۷۔ دلائل النبوۃ للبیہقی، ج ۵، ص ۴۸۹، الدر المنثور، ج ۱، ص ۳۱۳، معجم الصغیر للطبرانی، ج ۲ ص، ۸۲۔



ترجمہ: "جب حضرت سیّدنا آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی تو انہوں نے عرض کی: اے میرے ربّ! میں محمد ﷺ کے وسیلہ سے تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری مغفرت فرما دے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے ارشاد فرمایا: اے آدم! تو نے محمد کو کیسے جانا حالانکہ میں نے اسے ابھی (ظاہراً) پیدا ہی نہیں فرمایا، تو حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے ربّ! جب تو نے مجھے اپنے دستِ قدرت سے پیدا کیا اور اپنی روح (خاص) مجھ میں پھونکی تو میں نے اپنے سر کو بلند کیا، سو میں نے عرش کے ستونوں پر لکھا ہوا پایا: "لا الٰہ الا اللہ محمدٌ رسولُ اللہ" پس میں جان گیا کہ جس نام کو تو نے اپنے نام مبارک کے ساتھ رکھا ہے، وہ بلا شبہ مخلوق میں تیرا محبوب ترین ہے"۔ تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے ارشاد فرمایا: "اے آدم! تو نے سچ کہا، بے شک وہ میرے نزدیک تمام مخلوقات سے زیادہ محبوب تر ہے اور جبکہ تو نے مجھ سے اس کے وسیلے کے ساتھ سوال کیا ہے، تو میں تجھے بخش دیتا ہوں اور اگر محمد نہ ہوتے تو میں تجھے پیدا ہی نہ کرتا"۔

جبکہ امام طبرانی نے اسے روایت کرتے ہوئے اتنے الفاظ کا اضافہ کیا ہے:

"وَهُوَ آخِرُ الْاَنْبِيَاءِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ"[4]۔

---

[4] موجودہ معجم الصغیر للطبرانی میں یہ الفاظ زائد ہیں: فَاَوْحَى اللهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَيْهِ يَاآدَمُ اِنَّهُ آخِرُ النَّبِيِّيْنَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ وَ اِنَّ اُمَّتَهُ آخِرُ الْاُمَمِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ وَلَوْلَاهُ يَا آدَمُ مَاخَلَقْتُكَ۔

**ترجمہ:** ”وہ تیری اولاد میں سب سے آخری نبی ہوں گے“۔

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ
وَكُلَّمَا سَهَى عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ.

امام ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں اور امام ابو نعیم اپنی کتاب ”دلائل النبوۃ“ میں حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(كُنْتُ اَوَّلَ النَّبِيِّيْنَ فِي الْخَلْقِ آخِرَهُمْ فِي الْبَعْثِ)[5]۔

**ترجمہ:** ”میں تخلیق کے لحاظ سے تمام انبیاء میں اوّل اور بعثت کے اعتبار سے آخری ہوں“۔

## نسب محمدی کی شان وپاکیزگی

امام مسلم اپنی صحیح میں سیدنا واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

(اِنَّ اللهَ اصْطَفٰى مِنْ وُلْدِ اِبْرَاهِيْمَ اِسْمَاعِيْلَ وَ اصْطَفٰى مِنْ وُلْدِ اِسْمَاعِيْلَ كِنَانَةَ وَ اصْطَفٰى مِنْ كِنَانَةَ قُرَيْشاً وَ اصْطَفٰى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِيْ هَاشِمٍ وَ اصْطَفَانِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ فَاَنَا خِيَارٌ مِنْ خِيَارٍ مِنْ خِيَارٍ)[6]۔

---

[5] دلائل النبوۃ، للامام ابی نعیم، الفصل الاوّل، ص ۴۲، رقم: ۳۔



**ترجمہ:** ”بے شک اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے اولادِ ابراہیم میں سے اسماعیل کو منتخب فرمایا اور پھر اولادِ اسماعیل میں سے کنانہ کو منتخب فرمایا اور اولادِ کنانہ میں سے قریش کو منتخب فرمایا اور پھر اولادِ قریش میں سے بنوہاشم کو اور اولادِ ہاشم میں سے مجھے منتخب فرمایا لہٰذا میں بہترین میں سے بہترین لوگوں میں سے ہوں“۔

امام ابو نعیم نے ”دلائل النبوۃ“ میں حضرت سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جبرائیل علیہ السلام کہتے ہیں:

(قَلَّبْتُ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَ مَغَارِبَهَا فَلَمْ اَرَ رَجُلاً اَفْضَلَ مِنْ مُحَمَّدٍ وَ لَمْ اَرَ بَنِيْ اَبٍ اَفْضَلَ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ)[7]۔

**ترجمہ:** ”میں نے مشرق ومغرب چھان ڈالے لیکن محمد سے افضل کسی کو نہیں دیکھا اور کسی باپ کی اولاد کو بنوہاشم سے افضل نہیں دیکھا“[8]۔

---

=

[6] صحیح مسلم، کتاب الفضائل ۴۳، باب فضل نسب النبی ﷺ ۱، ص ۱۰۸۰، رقم ۲۲۷۶، مولف کتاب نے جو الفاظِ حدیث نقل کیے ہیں ہمیں تلاش کے باوجود صحیح مسلم میں وہ الفاظ نہیں مل سکے، صحیح مسلم کے الفاظ یہ ہیں: (إِنَّ اللهَ اصْطَفٰى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيْلَ وَاصْطَفٰى قُرَيْشاً مِنْ كِنَانَةَ وَ اصْطَفٰى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِيْ هَاشِمٍ وَ اصْطَفَانِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ) .

[7] الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ، للامام القاضی عیاض المالکی، ص ۵۱۲، رقم ۳۹۰، شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ، للامام ھبۃ اللہ الطبری اللالکائی، ص ۷۵۲، رقم ۱۴۰۲۔

[8] یہی بولے سدرہ والے    چمن جہاں کے تھالے

=

پس سیدنا محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم تمام مخلوقات میں سے بہترین اور تمام اگلوں اور پچھلوں میں سے برگزیدہ ہیں، آپ باعتبار تخلیق تمام انبیائے کرام سے مقدم اور بہ لحاظ بعثت سب سے آخری ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ ہی پر نبوت ورسالت کا سلسلہ ختم فرمایا۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلَیْہِم اَجْمَعِیْنَ

اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوقات میں سب سے پہلے آپ کے نور کو پیدا فرمایا وہ (نورِ محمدی) حق کا دیدار کرتا رہا اور حق اُسے سراہتا رہا، ازاں بعد (یہ نور) بزرگی والے آباء واجداد کی پشتوں سے پاکیزہ اُمہات کے ارحام میں منتقل ہوتا رہا، اُن پر بہترین دُرود اور پاکیزہ سلام ہوں۔

حضرت سیّدنا ابن عباس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

(قریش اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ کے یہاں حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَام کی تخلیق سے دو ہزار سال قبل نور تھے اور یہ نور اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ کی تسبیح بیان کرتا اور ملائکہ کرام بھی ان کی طرح اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ کی تسبیح بیان کرتے تھے)

(لَمَّا خَلَقَ اللّٰہُ آدَمَ اَھْبَطَنِی فِی صُلْبِہٖ اِلَی الْاَرْضِ وَ حَمَلَنِی فِی صُلْبِ نُوْحٍ فِی السَّفِیْنَۃِ وَ قَذَفَ بِی فِی صُلْبِ اِبْرَاھِیْمَ ثُمَّ لَمْ یَزَلِ اللّٰہُ یَنْقُلُنِی

=

سبھی میں نے چھان ڈالے تیرے پایہ کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا (حدائق بخشش)



مِنَ الْاَصْلَابِ الْکَرِیْمَۃِ اِلَی الْاَرْحَامِ الطَّاھِرَۃِ مُصَفًّی مُھَذَّبًا لَا تَتَشَعَّبُ شُعْبَتَانِ اِلَّا کُنْتُ فِیْ خَیْرِھِمَا حَتّٰی أَخْرَجَنِیْ مِنْ بَیْنِ اَبَوَایَ وَ لَمْ یَلْتَقِیَا عَلٰی سِفَاحٍ قَطُّ فَاَنَا خَیْرُکُمْ نَفْسًا وَ خَیْرُکُمْ اَبًا)[9].

ترجمہ: "پس جب اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ نے آدم عَلَیْہِ السَّلَام کو تخلیق فرمایا تو اس نور کو ان کی پشت میں رکھ کر زمین پر اُتارا (پھر بعد ازاں) نوح کی پشت میں رکھا اور پھر ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام کی پشت میں ڈالا۔ اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ مجھے پاکیزہ پشتوں سے پاکیزہ رحموں میں منتقل کرتا رہا، جب کبھی دو گروہ ہوئے تو مجھے ان میں سے بہترین ہی میں رکھا گیا حتی کہ مجھے میرے والدین کے ذریعے پیدا فرمایا جو کبھی بھی بے حیائی میں ملوث نہیں ہوئے لہٰذا میں تم سے ذات اور آباء دونوں کے لحاظ سے بہترین ہوں"۔

امام ابن سعد نے حضرت ہشام بن محمد بن السائب کلبی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ سے اور انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا:

(کَتَبْتُ لِلنَّبِیِّ خَمْسَمِائَۃِ اُمٍّ فَمَا وَجَدْتُ فِیْھِنَّ سِفَاحًا وَ لَا شَیْئًا مِمَّا کَانَ مِنْ اَمْرِ الْجَاھِلِیَّۃِ)[10].

[9] المطالب العالیہ لابن حجر، ج۱۷، ص۱۹۵، رقم: ۴۲۰۹، الدر المنثور، ج۷، ص۶۰۷، البدایۃ لابن کثیر، ج۳، ص، ۳۷۰۔

[10] طبقات ابن سعد، ج۱، ص۴۲۔ البدایۃ لابن کثیر، ج۳، ص۳۶۴، المواھب اللدنیہ للقسطلانی، ج۱، ص۸۶۔

**ترجمہ:** ”میں نے حضور نبی کریم ﷺ کی پانچ سو ماؤں[1] کے حالات لکھے ہیں تو میں نے اُن میں سے کسی کو بھی بدکاری یا جاہلیت کی کسی بے حیائی و برائی میں مبتلا نہیں پایا“۔

لہٰذا آپ ﷺ اسی طرح پاکیزہ پشتوں سے ستھرے اَرحام میں منتقل ہوتے اور مختلف بطون میں جلوہ فرما ہوتے رہے حتی کہ یہ منتقلی کا سلسلہ آپ ﷺ کے بزرگی والے دادا عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرۃ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان تک آن پہنچا۔

یہاں تک کے ناموں پر تمام اہل شان (علمائے کرام) کا اتفاق ہے اور اس بات میں کوئی اختلاف نہیں کہ حضرت عدنان دراصل نبی اللہ اسماعیل بن خلیل اللہ ابراہیم علیہما السلام کی اولاد میں سے ہیں، اختلاف تو صرف اس بات پر ہے کہ حضرت عدنان اور حضرت اسماعیل کے درمیان کتنے آبائے کرام تھے؟[2]

---

[1] **اُمہات النبی:** اس میں دادیاں اور نانیاں وغیرہ سب ہی شامل ہیں۔

[2] اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے: ﴿وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا﴾ [الفرقان:۳۸]۔

**ترجمہ:** ”اور ان کے بیچ میں بہت سی سنگتیں“۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: ”حضرت عدنان سے حضرت اسماعیل تک تیس آبائے کرام ہوئے جن کے بارے میں ہمیں کوئی علم نہیں“۔ (المورد الروی، للامام القاری، ملخصًا)۔



## جبین عبد المطلب اور نورِ کونین

پس جب یہ نورِ محمدی حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ تک پہنچا تو اس نور نے اُن کی پیشانی کو رخشندہ کر دیا جس کی تابانیوں سے انہیں بہت مسرت و شادمانی حاصل ہوئی اور حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ خواہاں ہوئے کہ یہ نورِ انور اِن سے کبھی جدا نہ ہو۔

حتی کہ انہیں خواب میں کہا گیا: اے عبد المطلب !فاطمہ بنت عمرو بن عائذ سے شادی کرلو۔ پس آپ نے شادی کرلی تو اس نور کی منتقلی کا وقت قریب ہو گیا پھر جب ان کی پیشانی سے اس نور کی منتقلی کی گھڑیاں آئیں کہ وہ اپنی زوجہ کے قریب ہوں تو حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ اپنی عادت کے مطابق شکار کرنے تشریف لے گئے (کچھ دیر بعد) شکار سے واپس لوٹے تو شدید پیاس لگی ہوئی تھی لہٰذا زمزم کے کنوئیں پر گئے اور پانی پیا پھر اپنی زوجہ فاطمہ کی قربت اختیار کی تو وہ جناب سیدنا عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے حاملہ ہو گئیں جو کہ پیدا ہونے والے تمام لوگوں میں سے بزرگ تر (محمد مصطفی ﷺ) کے ہونے والے والد تھے، لہٰذا آبائے کرام میں جلوہ فرما رہنے والا یہ نور ان کی زوجہ کی طرف منتقل ہو گیا۔ جب سیدنا عبد اللہ رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو یہی نور ان کی جبین اقدس میں ضوفشاں نظر آیا اور جو بھی ان سے ملاقات کرتا وہ خواہاں ہوتا کہ یہ نور اسے مل جائے۔

## سیدنا یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کا خونی پیراہن

شام میں موجود علمائے یہود کو اس بات کا علم ہو چکا تھا کہ نبی خاتم ﷺ کے والد پیدا ہو چکے ہیں کیونکہ ان کے پاس حضرت سیدنا یحییٰ بن زکریا علیہما الصلاۃ

والسلام کے خون سے تَر ایک سفید جبہ تھااور یہ وہی جبہ تھا جس میں آپ علیہ السلام کی شہادت ہوئی تھی ،ان علمائے یہود نے اپنی کتابوں میں پڑھا تھا کہ جب اس جبہ سے خون اُتر جائے اور یہ سفید ہو جائے تو آگاہ ہو جانا کہ محمد خاتم النبیین ﷺ کے والد پیدا ہو چکے ہیں۔

ان یہودیوں نے مکہ مکرمہ جانے کا ارادہ کیا تا کہ حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے لیے کوئی سازش کریں درایں اثنا ایک دن انہیں حضرت عبد اللہ تنہا مل گئے تو انہوں نے اُن کے قتل کا ارادہ کیا(اور قتل کرنے کے لیے آگے بڑھے)تو دیکھا کہ ایک گھوڑا ہے جو دنیاوی گھوڑوں سے مشابہت نہیں رکھتاوہ ان پر حملہ آور ہے اورانہیں اس اقدام سے روک رہا ہے۔

## زم زم کا کنواں

حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ قریش کے سردار، حرم کے بزرگ اور بنواسماعیل کی قوم میں بڑے مرتبے والے تھے ایک مرتبہ ان کے خواب میں کوئی آیا اورانہیں زم زم کا کنواں کھودنے کا کہا اور اپنی گفتگو میں اس جگہ کی نشاندہی بھی کر دی۔ یہ زم زم کا کنواں ان کے دادا سیدنا اسماعیل علیہ السلام کا مشرب اور سیدنا جبرائیل امین کا کھودا ہوا گڑھا ہے۔اسے (قبیلہ) جرہم والوں نے بند کر دیا تھا اور پانچ سو سال سے اس کے آثار بھی مٹ چکے تھے[۱۳]۔

---

[۱۳] امام قسطلانی لکھتے ہیں: زم زم کے کنوئیں کو قبیلہ جرہم کے ایک شخص عمرو بن حارث نے اپنی قوم
=



جب خزاعہ والوں کو بیت الحرام کی تولیت ملی تو ایک روز حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حارث کو ساتھ لیااور اسے کھودنا شروع کیا، اس زمانے میں کوئی دوسرا شریک نہیں تھا، انہوں نے تین دن تک کھدائی کی تو چاہِ زم زم کا کنارہ نظر آنے لگا پس انہوں نے اپنے ربّ منان کی تکبیر کہی اور فرمایا: یہ اسماعیل علیہ السلام کی منڈیر ہے، اہل قریش نے کہا: ہمیں بھی اس کام میں شریک کرلیں، تو آپ نے فرمایا: میں یہ کام از خود نہیں کر رہا یہ سعادت تو لوگوں سے الگ چن کر مخصوص کی گئی ہے لہٰذا لوگوں نے حضرت عبد المطلب اور چاہِ زم زم کے مابین حائل ہونے سے گریز کیا[۱۴] تو انہوں نے یہ کنواں (دوبارہ) کھود لیا اوراس میں سے خانہ کعبہ کے زیورات اور طلائی سامان بھی نکال لیا۔

## سیدنا عبد المطلب کی مَنّت

حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے اس وقت نذر (منت) مانی تھی جبکہ انہیں اس کھدائی میں کوئی شریک کار نہیں مل رہا تھا کہ اگر ان کے دس بیٹے ہوئے تو ان میں سے ایک کو قربان کریں گے، لہٰذا دس کی تعداد حضرت سیدنا عبد اللہ رضی اللہ عنہ پر مکمل ہوئی،

---

=
کے ساتھ مل کر بند کیا تھا، مواہب لدنیہ للقسطلانی ۱/۷۰۔

[۱۴] امام ملا علی القاری "المورد الروی" میں امام قسطلانی کے حوالے سے لکھتے ہیں: قریش آڑے آئے اورانہیں کنواں کھودنے سے منع کیا بلکہ بیوقوفوں کے ذریعہ تکالیف بھی پہنچائیں، مواہب لدنیہ للقسطلانی، ۱/۷۰۔

تو انہوں نے اپنی نذر پوری کرنے کا ارادہ کیا کہ اب وہ ان دس میں سے کسی ایک کو قربان کریں گے، تو انہوں نے بیت الحرام کے صحن میں (تمام بیٹوں کے ناموں کا) قرعہ ڈالا، تو انہیں میں حضور نبی کریم ﷺ کے والد حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کا نام بھی تھا۔

جبکہ حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ یہ چاہتے تھے کہ ان کے نام کا قرعہ نہ نکلے کیونکہ انہیں آپ سے بہت محبت تھی، لیکن قرعہ انہیں کے نام پر نکلا تو آپ نے انہیں پکڑا اور اسی وقت قربان کرنے کا عزم کیا لیکن اہلیانِ قریش نے انہیں منع کیا اور کہا :اگر آپ نے ایسا کر دیا تو عرب بھی آئندہ اس میں آپ کی پیروی کریں گے لہٰذا آپ ہر قرعہ کے بدلے میں دس اونٹوں کو شامل کریں، پس اب کی مرتبہ قرعہ حضرت سیدنا عبد اللہ رضی اللہ عنہ اور دیت کی مقدار اونٹوں پر ڈالیں اور دیت کی مقدار اس وقت دس اونٹ تھی، پس اگر دوبارہ ان کے نام پر قرعہ نکلے تو دس مزید بڑھا دیں یوں ہی کرتے رہیں حتیٰ کہ قرعہ اونٹوں کے نام پر جا نکلے تو آپ جان لیں کہ اس فدیہ کو قبول کر لیا گیا ہے۔

لہٰذا حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے اسی طرح کیا اور بار بار قرعہ ڈالتے رہے اور یک بعد دیگرے دس دس اونٹوں کی زیادتی کرتے رہے کیونکہ ہر بار قرعہ حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ ہی کے نام کا نکل رہا تھا لیکن جب سو کی تعداد مکمل ہو گئی تو قرعہ اونٹوں کے نام پر نکلا حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ (صرف ایک بار ہی پر مطمئن نہ ہوئے بلکہ) قرعہ کو تین مرتبہ مزید ڈالا گیا تب بھی ہر بار اونٹوں ہی کا نام آیا جس میں ان کی



جانب اشارہ تھا تو آپ نے حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے انہیں نحر کیا اور اللہ تعالیٰ کے حبیب و خلیل کے اُس نور کو اِن کی پیشانی میں ہی دمکتا ہوا رہنے دیا۔

## قریش کی خواتین اور نورِ محمدی

قریش کی خواتین اس نور کو تکتیں اور اسے لینے کی خواہش مند تھیں، فرشتے انہیں (سیدنا عبد اللہ کو) نظر آتے جو انہیں مبارک باد دیتے تھے، پس جب حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے ان کے نکاح کا ارادہ کیا تو اسی اثنا میں ورقہ ابن نوفل کی بہن رقیہ [۱۵] ان کے پاس سے گزریں تو حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے کہنے لگیں: میری طرف آؤ، میں تمہیں اُتنے اونٹ دوں گی جتنے تمہاری طرف سے نحر کیے گئے تھے، حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا:

اَمَّا الحَرَامُ فَالْمَمَاتُ دُوْنَهُ وَالحِلُّ لَاحِلَّ فَاسْتَبِيْنَهُ
فَكَيْفَ بِالاَمْرِ الَّذِى تَبْغِيْنَهُ يُحْمِى الكَرِيْمُ عِرْضَهُ وَ دِيْنَهُ

**ترجمہ:** حرام کام کرنے سے تو مر جانا بہتر ہے اور حلال کام جائز ہے لیکن واضح ہو جائے کہ یہ کام حلال نہیں ہے، پس تم مجھ سے جو کچھ چاہتی ہو (وہ ہو نہیں سکتا سن لو) ایک کریم و شریف شخص اپنی دین و عزت کو سنبھال کر رکھتا ہے۔

---

[۱۵] امام ابن سعد نے اپنی "طبقات" ۱/۷۶ میں اس عورت کا نام فَاطِمَةُ بِنْتِ مُرٍّ خَثْعَمِيَّة لکھا ہے جبکہ امام صالحی نے "سبل الہدی والرشاد" ۱/۳۹۲ میں اسے یہودیوں کے قبیلے "تبالہ" کی خاتون بیان کیا ہے، ممکن ہے ورقہ بن نوفل کی بہن رقیہ کا واقعہ اس کے علاوہ ہو۔

پھر آپ اپنے والد گرامی کے ساتھ وہب بن عبد مناف کے پاس تشریف لے گئے جو کہ بزرگی وعفت والی سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا کے والد تھے اور وہب نے شام کے یہودیوں کی حضرت عبداللہ کو قتل کرنے کی متفقہ سازش بھی ملاحظہ کی تھی اوراُن گھوڑوں کو بھی دیکھا تھا جنہوں نے انہیں اس اقدام سے روکا تھااور وہ ان (دنیاوی) گھوڑوں کے مشابہ نہیں تھے۔

## نکاح سیدنا عبداللہ وسیدہ آمنہ

توانہیں بھی آرزو ہوئی کہ (اپنی بیٹی) آمنہ کا نکاح ان سے کردیں، اس وقت حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا قریش کی بہترین عورتوں میں سے تھیں لہٰذا انہوں نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا تو حضرت آمنہ کی شادی کردی گئی اور یہ شادی خیر وبرکت کے ظہور کا سبب بنی۔

پس جب حضرت آمنہ کی طرف اس نورِ حبیب وہادی ﷺ کی منتقلی اور جلوہ فرما ہونے کا لمحہ قریب آیا تو اللہ تعالیٰ نے جنت کے خازن رضوان کو حکم فرمایا کہ وہ فردوس کے دروازے کھول دے اور آسمان وزمین میں ندا کردے کہ وہ نور جس کے سبب تمام بھلائیوں کا ظہور ہوا ہے، اب اس زمانے میں آغوش آمنہ میں سمانے والا ہے لیکن اس کی برکتیں ساری کائنات میں پھیلیں گی۔

پس حضرت سیدنا عبد اللہ رضی اللہ عنہ (اپنی زوجہ) سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے اور تسکین پائی لہٰذا یہ بقعہ انواراُن کی جانب منتقل ہو کر وہاں ضوفشاں ہونے لگا تو یوں آپ حبیب وشفیع ﷺ کے وجود سے حاملہ ہو گئیں، یہ معاملہ پیر



کے دن، یا رجب المرجب کے پہلے جمعہ کو مکہ مکرمہ میں شعب ابی طالب میں ہوا جبکہ ایک قول کے مطابق منیٰ میں جمرہ وسطیٰ کے قریب ایام تشریق میں ہوا۔

## والد ماجد کی وفات

جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی عمر مبارک بیس سال تھی تو آپ کے والد گرامی نے قریش کے تاجروں کے ہمراہ آپ کو شام کے سفر پر روانہ کیا تاکہ کچھ خوردنی اشیاء (مالِ تجارت کے ذریعہ) لائیں، آپ شام سے واپسی پر مدینہ منورہ میں بیمار ہوگئے تو آپ کو والد گرامی کے رشتہ داروں میں سے بنی عدی بن نجار کے یہاں چھوڑدیا گیا پھر (اس مرض میں آپ کا) وصال ہو گیا اور نیکوکاروں کے شہر طیبہ میں "**دارنابغـــہ**" میں تدفین ہوئی۔

صحیح قول کے مطابق اس وقت آپ ﷺ اپنی والدہ کے بطن ہی میں تھے اور یہ نہایت درجہ کی یتیمی اور مراتب عظیمہ کا پیش خیمہ تھا پس فرشتوں نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کی: اے ہمارے ربّ! تیرا نبی باپ سے محروم ہو گیا ہے اب اس کا محافظ ومربی کوئی نہیں رہا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: میں اس کا ولی، مددگار، مربی، معین اور کفایت کرنے والا ہوں۔

جب حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا کو وفات کی خبر موصول ہوئی تو آپ نے یہ مرثیہ کہا:

عَفَى جَانِبُ البَطْحَاءِ مِن ابْنِ هَاشِمٍ    وَجَاوَرَ لَحْداً خَارِجاً فِي الغَمَاغِمِ
دَعَتْهُ المَنَايَا بَغْتَةً فَأَجَابَهَا    وَمَا تَرَكَت فِي النَّاسِ مِثْلَ ابْنِ هَاشِمٍ

فَاِنْ تَكُ غَالَتهُ الْمَنَايَا وَ رَيْبُهَا فَقَدْ كَانَ مِعْطَاءً كَثِيْرَ التَّرَاحُمِ

ترجمہ: بطحاء کی وادی نے ہاشم کی اولاد کو اپنے اندر چھپا لیا اور بادلوں سے پرے اس کی لحد بنائی گئی، انہیں موت نے اچانک آواز دی تو یہ سب کچھ چھوڑ کر چلے گئے، لیکن انہوں نے آلِ ہاشم میں اپنی مثل کوئی نہیں چھوڑا، اگرچہ موت نے تمہیں اچانک پکڑ لیا لیکن تمہاری سخاوت اور رحم دلی کی عادات (کے نقوش تو ہمیشہ باقی) رہنے والے ہیں۔

## آمدِ مصطفیٰ ﷺ

پس جب نبوت کے چاند کی چاندنی کرنے اور ایمان وہدایت کے سورج کے چمکنے کا وقت آیا تو آسمانوں اور زمینوں میں خوشخبریاں دی گئیں اور کائنات کے طول وعرض میں بھلائیاں عام کر دی گئیں، قریش کو شدید تنگی کے بعد فراوانی ملی اور پے در پے نعمتوں کی مکمل بارش میسر آئی، کہانت اُٹھالی گئی اور اس کے ساتھ پیش گوئی کرنے والے نامراد ہوئے۔

حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

"مجھے محسوس ہی نہیں ہوا کہ میں حاملہ ہوں اور نہ ہی حمل کی کوئی تکلیف پائی البتہ میرا حیض منقطع ہو گیا تھا اور مجھے سوتے جاگتے ہوئے یہ صدا سنائی دیتی تھی: تم لوگوں کے سردار اور اس اُمت کے نبی ﷺ سے حاملہ ہو"۔

جب ان کی پیدائش ہوئی اور یہ زمین پر تشریف لائے تو میں نے کہا: میں انہیں ہر حاسد کے شر سے واحد (جل جلالہ) کی پناہ میں دیتی ہوں۔



پیدائش کی وقت کی ایک کرامت ونشانی یہ ظاہر ہوئی کہ ان کے ساتھ ہی ایک نور نکلا جس سے شام کے محلات روشن ہوگئے، ان کا نام محمد رکھا گیا، کیونکہ تورات وانجیل میں انہیں احمد کہا گیا اور قرآن مجید میں محمد مذکور ہوا کہ اہل ارض وسما ان کی تعریف کریں گے۔

پھر فرشتے سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا کے گھر پر نازل ہوئے، اسے گھیر لیا، تسبیح وتقدیس اور تکبیر وتہلیل کہنے لگے تب حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا نے حبیب کریم محمد عَلَيْهِ اَفْضَلُ الصَّلَاةِ وَ اَتَمُّ التَّسْلِيْمِ کو جنا، آپ ﷺ نہایت سکون وطمانیت اور پاکیزہ وطیب تشریف لائے اور آتے ہی گھٹنوں کے بل جھکے اور سرِ اقدس کو آسمان کی جانب بلند کر لیا، آنکھوں میں سرمہ لگا ہوا تھا، آپ ﷺ ایسے پاک وصاف پیدا ہوئے کہ زچگی کی کوئی آلائش نہ تھی، ناف بریدہ تھے اور سفید رنگ کی مہر ختم نبوت لگی ہوئی تھی، انگشت ہائے مبارکہ بند تھی صرف شہادت کی انگلی کھلی ہوئی تھی جس سے تسبیح کا اشارہ کر رہے تھے، آپ ﷺ سے ایسا نور برآمد ہوا جس نے مشرق ومغرب کو منور کر دیا، اسی روشنی میں آپ کی والدہ نے سر کی آنکھوں سے بُصریٰ کے محلات ملاحظہ کیے[16] یہ سارا معاملہ عظمت والے شہر مکہ مکرمہ میں اس مکان میں

[16] صحیح ابن حبان، مستدرک للحاکم اور مسند احمد میں حضرت عرباض بن ساریہ سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اِنِّیْ عِنْدَ اللّٰهِ فِیْ اُمِّ الْكِتَابِ لَخَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَاِنَّ آدَمَ لَمُنْجَدِلٌ فِیْ طِيْنَتِهٖ وَسَاُنَبِّئُكُمْ بِاَوَّلِ ذٰلِكَ دَعْوَةِ اِبْرَاهِيْمَ وَبُشْرٰى اَخِيْ
=

ہوا جسے اب مولد النبی[17] کے نام سے جانا جاتا ہے، بعد اَزاں رشید کی والدہ خَیْزُرَان نے اسے اپنا مسکن بنالیا تھا۔

حضور نبی کریم ﷺ ۱۲/ ربیع الاوّل پیر کے روز صبح کے وقت پیدا ہوئے، یہی قول زیادہ صحیح ہے، بعض حضرات نے کہا: ۸/ ربیع الاوّل جمعہ کے روز اور بعض نے کہا: ۲/ ربیع الاوّل کو پیدا ہوئے، جبکہ ۳/ ربیع الاوّل، ۱۰/ ربیع الاوّل، رمضان المبارک وغیرہ کے اقوال بھی بیان کیے گئے ہیں۔

---

=

عِیْسٰی قَوْمَهُ وَ رُؤیَا أُمِّیْ اَلَّتِیْ رَأَتْ أَنَّهُ خَرَجَ مِنْهَا حِیْنَ وَضَعَتْ نُوْرٌ أَضَاءَتْ لَهُ قُصُوْرُ الشَّامِ. ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ جَلَّ جَلَالُہٗ کے نزدیک اُم الکتاب میں خاتم النبیین لکھا گیا تھا حالانکہ آدم اپنے خمیر میں گوندھے پڑے تھے اور میں تمہیں بتاتا ہوں، میں دعائے ابراہیمی ہوں اور اپنے بھائی عیسیٰ کی وہ بشارت ہوں جو انہوں نے اپنی قوم کو دی اور اپنی ماں کا وہ حسین خواب ہوں جو انہوں نے میری ولادت کے وقت دیکھا کہ اُن میں سے ایک نور نکل کر چمکا جس سے اُن کے لیے شام کے محلات روشن ہو گئے۔

مستدرک للحاکم، ج۲/ ۶۰۵، رقم ۴۲۳۴: مسند احمد، ج۲۸/ ۳۷۹، رقم ۱۷۱۵۰: دلائل النبوۃ لابی نعیم، ص۴۸: التاریخ الکبیر للبخاری، ۶/ ۶۸، رقم ۱۷۳۶: دلائل النبوۃ للبیہقی، ۱۳۰/ ۶: صحیح ابن حبان، ۱۴/ ۳۱۳، رقم ۶۴۰۴

[17] یہ امام نورالدین سمہودی کی زمانے کی بات ہے، ماضی قریب میں نجدی جارحیت و بربریت کی وجہ سے جہاں دیگر بہت سے آثار نبویہ متاثر ہوئے، وہیں اس مکان کو بھی لائبریری میں تبدیل کر دیا گیا ہے تاکہ وہاں اہل محبت کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری نہ رہ سکے۔



اہل علم حضرات کے نزدیک صحیح قول کے مطابق آپ ﷺ کے حمل میں جلوہ فرما رہنے کی مدت نو مہینے تھی، آپ ﷺ کی پیدائش یوم الفیل کے واقعے کے پچاس دن بعد ہوئی جبکہ کسریٰ کے بادشاہ نوشیرواں کی حکمرانی تھی[18] اور اس کا عدل مشہور تھا۔ ۵۷۸ عیسوی، ۲۰/ اپریل بمطابق ربیع الاوّل جو کہ تمام فصول و مواسم میں بہتر ہے، ہوئی جیسا کہ علمائے کرام نے بیان کیا ہے۔

## معجزاتِ ولادت

پیدائش کے وقت بہت سے عجیب و غریب واقعات رونما ہوئے، ایوانِ کسریٰ میں زلزلہ آیا[19] اور اس کے محل کے کچھ کنگرے گر گئے یہ میلاد النبی کے وقت

---

[18] امام سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا:

یہ بات جو زبان زد عام ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں عادل بادشاہ کے زمانے میں پیدا ہوا تو اس قول کی کوئی اصل موجود نہیں ہے اور بعض تاریخی شواہد سے بے خبر افراد نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ علمائے کرام کے درمیان اس بات میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی پیدائش مکہ مکرمہ میں کسریٰ نوشیرواں عادل کے زمانے میں ہوئی۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے **"شعب الایمان"** میں لکھا ہے کہ ہمارے شیخ حافظ ابو عبد اللہ اس بات کے باطل ہونے پر نہایت کلام فرماتے تھے جو بعض جہلا نے گھڑ رکھی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں عادل بادشاہ کے زمانے میں پیدا ہوا ہوں یعنی نوشیرواں کے زمانے میں۔ المورد الروی للامام علی القاری، ملخصًا۔

[19] امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ **"معرفۃ الصحابہ"** میں حضرت مخزوم بن ہانی کی اُن کے والد سے روایت ذکر

=

ہونے والی اہم نشانیوں میں سے ایک ہے نیز بت اپنے منہ کے بل گر پڑے، مجوسی کے آتشکدہ کی وہ آگ جو ایک ہزار سال سے نہیں بجھی تھی وہ بھی یک لخت ٹھنڈی ہو گئی ،ساوہ[2] کا چشمہ خشک ہو گیا اور ساوہ کی وادی سیر اب ہو گئی۔

علمائے سابقین نے ان کی پیدائش کی نوید سنائی اور علامات ونشانیاں بیان کیں،شیاطین کو آسمانوں پر جانے اور خبریں چوری کرنے سے روک دیا گیا انہیں شہابے مارے جانے لگے،جنات نے ان کی آمد کی صدائیں دیں۔

جس وقت حضرت سیدنا عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو پیدائش کی خبر دی گئی وہ حرم میں تھے یہ خبر سن کر وہ بہت فرحاں ہوئے اور وہ کچھ افراد کے ساتھ (بیت آمنہ) چلے آئے، حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ عنہا نے ان تمام باتوں سے آپ کو آگاہ کیا جو انہوں نے اب تک ملاحظہ کی تھیں یا جو کچھ اس بچہ کے بارے میں انہیں کہا گیا تھا، تمام باتیں سن کر حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے خواتین سے فرمایا:

=

کرتے ہیں اور اُن کی عمر ۱۵۰ سال ہوئی: ایون کسریٰ میں زلزلہ آیا جس سے ایک ہیبت ناک آواز سنائی دی اور ایوان کسریٰ میں دراڑیں پڑ گئیں۔ عیون الاثر لابن سید الناس:۱/ ۸۳۔

[2] **"بحیرۃ ساوہ"** بہت بڑا تھا حتی کہ اس کا فاصلہ ایک فرسخ سے بھی زیادہ تھا اور یہ عراق عجم میں **"ہمدان اور قم"** کے درمیان واقع تھا اِس میں کشتیاں چلا کرتی تھیں اور اس کے قرب وجوار کے باشندے مثلاً فرغانہ، رے وغیرہ اس میں سفر کرتے تھے۔



اس بچے کا خیال رکھنا میں امید کرتا ہوں کہ اس کی بلند شان ہو گی، پھر آپ نے انہیں گود میں لیا اور خانہ کعبہ میں داخل ہوئے اور طواف کرتے ہوئے کہنے لگے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَعْطَانِیْ هٰذَا الْغُلَامَ الطَّیِّبَ الْاَرْدَانِ

قَدْ سَادَ فِی الْمَهْدِ عَلَی الْغِلْمَانِ أَعِیْذُهٗ بِالْبَیْتِ ذِی الْاَرْکَانِ

مِنْ حَاسِدٍ مُضْطَرِبِ العَیْنَانِ

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے یہ پاکیزہ و مطیب لڑکا عطا کیا ہے، یہ تو گود ہی میں لڑکوں کا سردار ہو گیا، میں اِسے ستونوں والے (یعنی خانہ کعبہ کے ربّ) کی پناہ میں دیتا ہوں ہر نظر لگانے والے حاسد کی آنکھوں سے[1]۔

## نام محمد ﷺ

آپ ﷺ کے دادا نے پیدائش کے ساتویں دن عقیقہ کیا اور اپنی قوم کے بزرگوں کو دعوت پر مدعو کیا جب وہ لوگ کھا کر فارغ ہو چکے تو انہوں نے کہا: اے عبد المطلب! اس بچے کا نام کیا رکھا ہے؟ آپ نے فرمایا: اے بزرگو! **"محمد"** رکھا ہے۔ وہ بولے: تم نے اپنے باپ دادا اور گھر والوں کے ناموں سے بھلا کیوں بے رغبتی کی ہے؟ آپ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ یہ بچہ آسمانوں میں اللہ تعالیٰ کے یہاں

[1] طبقات ابن سعد: ج:۱ص: ۸۳: الروض الانف: ج:۲: ص: ۱۵۷۔

قابل تعریف ہوگا اور زمین میں لوگوں کے درمیان  پس اللہ تعالی نے اُنکی آرزو کو پورا کر دیا جیسا کہ اُسکے علم ازلی میں موجود تھا۔

## رضاعت

آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ نے سات دن دودھ پلایا بعد ازاں ثویبہ اسلمیہ جو کہ ابولہب کی کنیز تھی اس نے دودھ پلایا، آپ ﷺ کے چچا (ابولہب) نے اسے آپ کی پیدائش کی خوشخبری دینے پر آزاد کر دیا تھا، اسی لیے روایت میں آیا ہے کہ اس سے ہر پیر کے روز عذاب میں تخفیف کر دی جاتی ہے۔ اسی ثویبہ نے آپ ﷺ سے قبل آپ کے چچا حمزہ بن عبد المطلب کو بھی دودھ پلایا تھا اور آپ ﷺ کے بعد ابو سلمہ بن عبد الاسد کو بھی، تو یہ ان سب کی رضاعی والدہ ہیں۔ آپ ﷺ ان کے لیے مدینہ منورہ سے چادر اور سامان بھیجا کرتے تھے، صحیح قول کے مطابق آپ نے اسلام کی حالت میں وصال فرمایا۔

## حلیمہ سعدیہ کی خوش بختی

ان کے بعد حلیمہ سعدیہ بنت ابی ذویب نے آپ ﷺ کو دودھ پلایا، بیان کیا گیا ہے کہ آپ شدید قحط سالی کے موقع پر (بنی سعد بن بکر کی عورتوں کے ساتھ) مکہ مکرمہ تشریف لائیں تا کہ وہاں سے کسی بچے کو دودھ پلانے کے لیے ساتھ لے جائیں تا کہ اس کی اجرت سے کچھ تنگی کے لمحات سہل ہو جائیں، اس سفر میں آپ کے شوہر حارث بن عبد العزی بھی ہمراہ تھے جنھوں نے اپنی پوری کوشش صرف کر رکھی تھی اور ان کے پاس ایک اونٹنی بھی تھی جس میں ایک قطرہ بھی دودھ نہیں تھا، ساری رات آپ کے بچے



روتے اور بلبلاتے رہتے تھے لیکن ان کی آغوش میں اتنا دودھ بھی باقی نہ رہا تھا کہ انہیں پلا کر سیراب کر سکتیں۔

آپ فرماتی ہیں: کوئی عورت بھی ایسی نہ رہی تھی جس کے سامنے رسول اللہ ﷺ کو نہ لایا گیا ہو لیکن ہر ایک نے یتیم ہونے کی وجہ سے لینے سے انکار کر دیا تھا[۲۲] اور یہ کہتی تھیں: ہمیں بچے کے والد سے جس بھلائی کی امید ہے وہ ماں کی طرف سے نہیں مل سکتی، لہٰذا ہر ایک نے کوئی نہ کوئی بچہ رضاعت کے لیے حاصل کر لیا لیکن مجھے کوئی بھی نہ مل سکا اور میں بغیر بچے کے واپس لوٹنا پسند نہیں کرتی تھی اور تمام تر باتیں ایک طرف لیکن مجھے ان کا روشن چہرہ بہت پسند آیا، لہٰذا میں نے آکر انہیں یعنی نبی کریم ﷺ کو لے لیا۔

جب میں نے واپس کا عزم کیا تو اپنی پستانِ (اقدس) کو انہیں پیش کر دیا تا کہ جو کچھ دودھ ہے وہ پی لیں تو آپ ﷺ نے داہنی پستان سے دودھ نوش فرمایا حتی کہ خوب سیراب ہوگئے پھر میں نے بائیں پستان پیش کی تو آپ ﷺ نے اعراض فرمایا، میں نے وہ اپنے بیٹے کو پلائی تو وہ اسے پی کر سیراب ہوگیا اور مزید نہ پی سکنے کی بنا پر اسے چھوڑ دیا، جب شام ہوئی اور ہم نے کھانے کا ارادہ کیا تو میرے شوہر نے اونٹنی

---

۲۲ بلکہ رسول اللہ ﷺ نے خود ہی گویا ان کے پاس جانے سے انکار کر دیا تھا کیونکہ آپ کی رضاعت کی سعادت ازل ہی میں سیدہ حلیمہ سعدیہ کو عطا کر دی گئی تھی، دُرِ یتیم کی قدر دانی اللہ تعالی نے انہیں کے مقدر میں لکھی تھی اور یہ ایسا فخر ہے جس کے سامنے دنیا و مافیہا کی ہر نعمت کم ہے۔

کو دیکھا وہ دودھ سے بھری ہوئی تھی، اس نے دودھ نکالا اور ہم دونوں نے خوب پیا حتیٰ کہ دونوں ہی شکم سیر ہوگئے پھر سوئے تو یہ رات ہمارے اور ہماری اولاد کے لیے خیر وبرکت والی گزری، میرے شوہر نے مجھ سے کہا: اے حلیمہ! بیشک تو نے بہت مبارک وبلند شان والا بچہ لیا ہے۔

پھر ہم اپنے شہر کی جانب لوٹے تو میں اپنی سواری کے ساتھ ہمراہیوں پر سبقت لی گئی تو عورتیں ایک دوسرے سے کہنے لگیں: بھلا کیسے تم نے ہمارے قافلے پر سبقت حاصل کرلی حالانکہ آتے وقت تو یہ سواری تمہیں بڑی مشکل سے گرتی پڑتی یہاں لائی تھی لیکن اب ہم دیکھ رہے ہیں کہ یہ بہت طاقتور و تیز ہوگئی ہے؟ میں نے ان سے کہا: ہاں ایسا ہی ہے۔

ہماری بہت سی بکریاں تھیں جنہیں ہم چرنے کے لیے اپنی زمین میں بھیجا کرتے تھے اور اللہ جانتا ہے کہ ہماری زمین کس قدر بنجر اور ویران تھی لیکن ہماری بکریاں اسی زمین میں چرنے جاتیں اور واپسی پر ان کا دودھ بھرا ہوا ہوتا تھا تو ہم جس قدر چاہتے دودھ پی کر سیراب ہوجایا کرتے تھے لیکن ہمارے علاقے والوں کی بکریوں میں ایک قطرہ بھی دودھ نہیں ہوتا تھا، وہ لوگ چرواہے سے کہا کرتے: ہائے تجھے کیا ہوگیا ہے ہماری بکریاں بھی اسی جگہ چرایا کرو جہاں ابو ذوئب کی بیٹی کی بکریاں چراتے ہو، پس ان کی بکریاں بھی وہیں چرتی جہاں ہماری بکریاں چرا کرتی تھیں لیکن پھر بھی ان کی بکریاں بغیر دودھ کے واپس آتیں جبکہ ہماری بکریاں دودھ سے لبالب ہوتیں ہم جتنا چاہتے ان کا دودھ دوہا کرتے تھے۔



اللہ تعالیٰ کی برکتیں ہم پر نازل ہوتی رہیں اور ہم جانتے تھے کہ یہ سب حضور نبی کریم ﷺ کے طفیل ہو رہا ہے۔ یہاں تک کہ حضور نبی کریم ﷺ کی عمر مبارک دو سال ہوگئی لیکن آپ ﷺ کے بچپن کی اُٹھان بھی دیگر بچوں سے بالکل جدا تھی، اللہ کی قسم! آپ ﷺ دو سال کی عمر میں بھی نہایت صحت مند و توانا تھے، لہٰذا ہم انہیں لے کر آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کے پاس واپس لوٹے تو اُن کی آنکھیں انہیں دیکھ کر بہت خوش ہوئیں اور انہیں دلی مسرت ہوئیں، ہم آپ ﷺ کی عظیم برکات کے سبب آپ کو واپس نہیں کرنا چاہتے تھے نیز ہمیں شہری ماحول کی وباء کا بھی خوف تھا اسی لیے ہم انہیں اپنے علاقے واپس لے جانے کے خواہاں تھے لہٰذا (منت وسماجت کے بعد) ہم اپنی خواہش میں کامیاب ہوگئے۔

آپ ﷺ کے واپس لائے جانے کے دو یا تین مہینے بعد کا واقعہ ہے کہ آپ ﷺ کا رضاعی بھائی جو آپ کے ساتھ کھیل رہا تھا اچانک دوڑتا ہوا ہمارے پاس آیا اور کہنے لگا: میرے قرشی بھائی کی خبر لو کہ اس کے پاس دو شخص آئے جنہوں نے سفید رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے تھے انہوں نے میرے بھائی کو پکڑ کر لٹایا اور اس کا پیٹ چاک کر دیا ہے، یہ سن کر میں اور میرا شوہر بھاگتے ہوئے گئے تو ہم نے آپ ﷺ کو کھڑا ہوا دیکھا لیکن آپ کا رنگ متغیر تھا پس آپ کے رضاعی والد نے آغوش میں لیا اور پوچھا کیا ماجرا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس دو افراد آئے جنہوں نے سفید رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے انہوں نے مجھے پکڑ کر لٹایا اور میرے پیٹ

کو چاک کر کے اس میں سے کسی چیز کو نکال کر باہر پھینک دیا اور پھر اسے دوبارہ بند کر دیا جیسا کہ پہلے تھا۔

میرے شوہر نے کہا: میرے ساتھ چلو ہم انہیں اِن کی والدہ کی پاس واپس چھوڑ آتے ہیں کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں میرے اس بیٹے کو کوئی مصیبت نہ پہنچ جائے لہٰذا ہم انہیں ساتھ لے کر اِن کی والدہ کے پاس لوٹے تو انہوں نے دیکھ کر فرمایا: تم لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ انہیں ساتھ لے جانے کے لیے کاوشیں کر رہے تھے اور اب انہیں واپس بھی لے آئے ہو؟ ہم نے کہا: ہمیں ان کے بارے میں مصائب کا اندیشہ ہے تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: مجھے بتاؤ کیا ماجرا اور کیا واقعہ ہے؟ پس ہم نے سارے واقعات تفصیل سے ان کے گوش گزار کر دیئے جنہیں سن کر آپ نے فرمایا: کیا تمہیں ان کے بارے میں شیطان کا خوف ہے، ہر گز نہیں، اللہ کی قسم! شیطان کو ان پر کوئی سبیل نہیں ہے کہ بے شک میرے بیٹے کی بڑی شان ہے کیا میں تمہیں ان کے بارے میں کچھ بتاؤں؟ ہم نے کہا: کیوں نہیں، ضرور بتائیں، پس آپ رضی اللہ عنہا نے جو کچھ (دورانِ حمل اور وقت پیدائش) دیکھا تھا اور جو غیبی صدائیں سنی تھیں وہ بیان کیں، پھر آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم لوگ انہیں میرے پاس ہی چھوڑ دو۔

## شق صدر

صحیح مسلم میں حضرت سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

(اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ اَتَاهُ جِبْرِيْلُ وَ هُوَ يَلْعَبُ مَعَ الغِلْمَانِ فَاَخَذَهُ فَصَرَعَهُ فَشَقَّ عَنْ قَلْبِهِ فَاسْتَخْرَجَ القَلْبَ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ عَلَقَةً



فَقَالَ: هٰذَا حَظُّ الشَّيْطَانِ مِنْكَ ثُمَّ غَسَلَهُ فِي طَسْتٍ مِن ذَهَبٍ بِمَاءِ زَمْزَمَ ثُمَّ لَامَهُ ثُمَّ اَعَادَهُ فِي مَكَانِهِ وَ جَاءَ الغِلْمَانُ يَسْعَوْنَ إِلَى اُمِّهِ (يَعْنِي ظِئْرَهُ) فَقَالُوا: اِنَّ مُحَمَّداً قَدْ قُتِلَ فَاسْتَقْبَلُوْهُ وَ هُوَ مُنْتَقِعُ اللَّوْنِ. قَالَ اَنَس: وَ قَدْ كُنْتُ اَرَى اَثَرَ ذٰلِكَ المَخِيْطِ فِي صَدْرِهِ)[۲۳].

ترجمہ: "حضور نبی کریم ﷺ کے پاس جبرائیل امین تشریف لائے، آپ ﷺ اس وقت بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے تو انہوں نے آپ ﷺ کو پکڑ کر لٹایا اور سینہ چاک کر کے دل نکالا اور اس میں سے سیاہ رنگت کا کوئی لوتھڑا باہر پھینکا اور کہا: یہ شیطان (کے وار کرنے) کا حصہ تھا، پھر اسے (دل کو) سونے کے طشت میں زم زم کے پانی سے دھویا اور دوبارہ سی دیا، بچے اپنی ماں کے پاس دوڑے ہوئے آئے اور کہا: محمد قتل ہو گئے ہیں! وہ سب آپکی طرف آئے تو آپ ﷺ کو دیکھا کہ آپ کا رنگ اُڑا ہوا تھا"۔

حضرت سیدنا انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس سلائی کا نشان آپ ﷺ کے سینہ اقدس پر دیکھا تھا۔

صحیحین (بخاری و مسلم) میں مذکور ہے کہ معراج کی رات بھی آپ ﷺ کا سینہ اقدس چاک کیا گیا تھا لہٰذا سینہ چاک کرنے کا واقعہ کئی مرتبہ ہوا ہے[۲۴]۔

---

[۲۳] صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الاسراء برسول اللہ ﷺ ۷۴، ص۸۷، رقم ۱۲۶۱۔

[۲۴] شق صدر کا واقعہ کتنی بار وقوع پذیر ہوا اس میں قدرے اختلاف ہے جمہور علمائے اسلام اسی جانب ہیں کہ تین مرتبہ وقوع ہوا، پہلی مرتبہ سیدہ حلیمہ کے یہاں چار یا پانچ سال کی عمر میں
=

## سیدتنا خدیجہ کی حلیمہ سعدیہ پر سخاوت

حضرت سیدتا حلیمہ رضی اللہ عنہا اس وقت بقید حیات تھیں جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا تھا تو اسی زمانے میں یہ مکہ مکرمہ تشریف لائی تھیں اور شکایت کر رہی تھی کہ ان کے علاقے میں قحط سالی ہے اور مواشی ہلاک ہو رہے ہیں یہ سن کر سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ان کے ساتھ تعاون فرمایا اور انہیں چالیس بکریاں اور ایک اونٹ عنایت فرمایا جنہیں لے کر یہ اپنے علاقے واپس تشریف لے گئیں، پھر یہ اسلام کے زمانے میں واپس تشریف لائیں اور انہوں نے اور ان کے شوہر

---

=

دوسری مرتبہ اعلان نبوت کے وقت غارِ حراء میں اور تیسری مرتبہ معراج کی رات مکہ مکرمہ میں۔ اہل سنت کے علمائے کرام نے شق صدر کا واقعہ حضور ﷺ کے معجزات میں سے قرار دیتے ہوئے اسے ثابت رکھا ہے جبکہ معتزلہ علی الاعلان اس کی مخالفت کرتے ہیں اور اس کے وقوع پر اپنے تیئں عقلی اعتراضات کرتے ہیں جن کے جوابات علمائے اسلام نے ذکر کر دیئے ہیں اس کی کچھ تفصیل تفسیر کبیر اور عمدۃ القاری میں بھی مذکور ہے۔

اہل تشیع اس بارے میں بظاہر اختلاف نہیں کرتے لیکن اقرار کرنے سے بھی کتراتے ہیں ان کے مجتہد اعظم مجلسی نے بحار الانوار میں لکھا ہے: ہم اس کا انکار واثبات کرنے کے بجائے توقف کرتے ہیں لیکن ہمارے شیعہ علماء نے اس واقعہ پر اعتراضات کیے ہیں، ۶۱/ ۴۰۱، دور جدید کے کچھ نام نہاد محقق بھی انہی کی پیروکاری میں شامل دکھائی دیتے ہیں۔ اللہ تعالی ہمیں سواد اعظم کی موافقت اور اسی پر موت نصیب فرمائے۔



نے اسلام قبول کر لیا تھا جبکہ ایک قول یہ ہے کہ انہوں نے اسلام قبول نہیں کیا تھا[۲۵]۔

## رضاعی بہن کی آمد اور مصطفیٰ کریم ﷺ کی محبت

حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا سے آپ ﷺ کے رضاعی بہن بھائیوں میں عبد اللہ، اُنیسہ اور شیماء شامل ہیں، سیدہ حلیمہ کے شوہر حارث بن عبد العزی جن سے آپ کی اولاد ہوئی یہ قبیلہ ہوازن سے تعلق رکھتے تھے اور اسی رضاعت کے سبب رسول اللہ ﷺ نے قبیلہ ہوازن کے چھ ہزار قیدیوں کو واپس کر دیا تھا انہیں قیدیوں میں آپ ﷺ کی رضاعی بہن شیماء بھی شامل تھیں جب جنگ حنین کے موقع پر یہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ ﷺ نے ان کے لیے چادر بچھائی اور انہیں اس پر بٹھایا اور ارشاد فرمایا:

اگر تمہیں پسند ہو تو میرے پاس ہی تکریم سے رہو اور اگر چاہو تو اپنی قوم کے ساتھ واپس چلی جاؤ، تو آپ نے قوم کے ساتھ جانے کے لیے عرض کی لہذا آپ

---

۲۵ الحمد للہ ہمیں اپنے جمہور علمائے اسلام کی اتباع کی بدولت صرف یقین ہی نہیں بلکہ یقین کامل واکمل ہے کہ محبوب دوعالم ﷺ کے والدین کریمین اور آپ ﷺ کی رضاعی والدہ اور والد وغیرہ سب ہی دولت ایمان سے مشرف ہوئے تھے، اسی لیے ہم نے ترجمہ میں جابجا ان حضرات کے اسمائے گرامی کے ساتھ رضی اللہ عنہا اور رضی اللہ عنہ وغیرہ لکھا ہے۔ امام الحدیث سیدنا جلال الدین سیوطی نے ایمانِ والدین پر گیارہ کتابیں تصنیف فرمائی ہیں جن میں اس موضوع پر بہترین مواد یکجا کر دیا ہے، ہم نے اپنی دیگر کتب میں کئی جگہ اس حوالے سے کلام کیا ہے لہذا یہاں تفصیلی دلائل کے اعادے کی حاجت نہیں۔ اعجاز

ﷺ نے انہیں کافی سامان دیا اور تکریم کے ساتھ رخصت فرمایا۔

## والدہ کے ساتھ مدینہ منورہ کا سفر

آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کے زمانے میں اور ان کے وصال کے بعد بھی سیدہ اُم ایمن برکتِ حبشہ [۲۶] نے آپ ﷺ کی پرورش کی خدمت سرانجام دی اور یہ آپ ﷺ کے والد ماجد کی کنیز تھیں۔ جب آپ ﷺ کی عمر مبارک چھ سال تھی تو آپ ﷺ کی والدہ آپ کو ساتھ لے کر مدینہ منورہ حضور کے ننھیال [۲۷] بنی عدی بن نجار سے ملانے لائیں یہاں انہوں نے ایک مہینہ قیام فرمایا اور پھر بیت الحرام کے ارادے سے واپس ہوئیں تو راستے میں ابواء کے مقام پر انہیں بخار لاحق ہوا جس سے غشی طاری ہوگئی پھر جب کچھ دیر بعد افاقہ ہوا تو آپ ﷺ کو دیکھ کر رونے لگیں اور یہ اشعار پڑھے [۲۸]:

---

۲۶ حضور نبی کریم ﷺ انہیں فرماتے تھے: اَنْتِ اُمِّي بَعْدَ اُمِّي. ترجمہ: "آپ میری والدہ کے بعد ان کی جگہ ہیں"۔ مواہب اللدنیہ، المقصد الاول، ج۱/ ۹۷، دارالکتب العلمیۃ۔

۲۷ جس ننھیال کی طرف اشارہ کیا گیا، وہ یوں ہے کہ ہاشم بن عبد مناف نے مدینہ منورہ میں سلمیٰ بنت عمرو بنی نجار سے شادی کرلی تھی اور ان سے عبد المطلب رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے۔

۲۸ امام صالحی نے "سبل الہدی والرشاد" ۲/ ۱۵۱ پر اس میں سے آٹھ اشعار ذکر کیے ہیں جن کے الفاظ میں اس کی نسبت زیادہ صحت و معنویت ہے، یہاں جو الفاظ ذکر کیے گئے ہیں وہ قدرے سقیم لفظی و معنوی حیثیت کے حامل ہیں، بایں ہمہ ہم نے مفہومی ترجمہ لکھ دیا ہے تفصیل کے لیے دلائل النبوہ اور سبل الہدی والرشاد کی جانب مراجعت فرمائیں۔



بَارَكَ رَبِّي فِيكَ مِنْ غُلَامٍ ... يَا بْنَ الَّذِي فُودِي مِنَ الحِمَامِ

يَا بْنَ الَّذِي مِنْ حَوْمَةِ الحِمَامِ ... فُدَى غَدَاةُ الضَّرْبِ بِالسِّهَامِ

اِنْ صَحَّ مَا رَاَيْتُ فِي مَنَامِي ... فَاَنْتَ مَبْعُوثٌ اِلَى الاَنَامِ

ترجمہ: اے میرے بیٹے! اللہ تعالیٰ تجھے برکت دے کہ تو اس کا بیٹا ہے جس پر موت بھی فدا ہوگئی تھی، تم اس کے بیٹے ہو جس پر پانسو کے فال فدیہ بنا کر ڈالے گئے اور موت کی وادی سے انہیں نکال لیا گیا جو کچھ میں نے تیرے بارے میں اب تک خوابوں میں دیکھا ہے اگر وہ صحیح ہے تو تمہیں لوگوں کی طرف (رسول بناکر) مبعوث کیا جائے گا۔

پھر آپ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: "ہر زندہ کو مرنا اور ہر نئے کو بوسیدہ ہونا ہے، ہر کثرت مٹنے والی ہے اور میں بھی مرنے والی ہوں لیکن ان کا چرچہ باقی رہے گا، بیشک میں نے تمہیں ستھرا پیدا کیا اور تمہیں سراپا ذکر چھوڑے جارہی ہوں"، اس کے بعد آپ کا وصال ہوگیا۔

لہٰذا آپ ﷺ اُم ایمن کے ساتھ مکہ مکرمہ واپس تشریف لائے جب لوٹے تو حضرت عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو اپنے سینہ سے لگا کر رونے لگے اور آپ ﷺ کو بہت پیار کیا۔ وہ آپ ﷺ کے ساتھ ہمیشہ ایسی ہی تعظیم و شفقت کو مظاہرہ فرماتے اور ہر لحاظ سے آپ ﷺ کو فوقیت دیتے تھے، آپ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: بیشک میرے اس بیٹے کی بڑی شان، رفعت اور مرتبہ ہے۔

## دادا کا وصال اور چچا کا پرورش کرنا

جب آپ ﷺ کی عمر مبارک آٹھ سال ہوئی تو آپ کے مددگار و شفیق دادا بھی وصال فرما گئے اس وقت ان کی عمر مبارک ایک سو بیس(۱۲۰) سال تھی، کہا جاتا ہے کہ آپ ﷺ ان کے جنازہ کے ہمراہ روتے جاتے تھے حتی کہ انہیں مقام "حجون" میں دفن کیا گیا۔ دادا کے وصال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش آپ کے شفیق چچا حضرت ابو طالب نے کی، کیونکہ انہیں آپ کے دادا بطورِ خاص آپ ﷺ کی کفالت کرنے کی وصیت فرما گئے تھے۔

## تجارتی سفر

جب آپ ﷺ کی عمر مبارک بارہ سال ہوئی اور ایک قول کے مطابق بارہ سال دو مہینے اور دس دن ہوئی تو آپ ﷺ اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ شام کے تجارتی قافلے میں شریک ہوئے، اس سفر میں بصریٰ پہنچے تو بحیرا راہب نے انہیں دیکھتے ہی ان تمام نشانیوں کے ذریعے پہچان لیا، جو اس نے اپنی کتابوں میں پڑھی تھیں، لہٰذا وہ آیا اور آپ ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا:

"یہ کائنات کے سردار اور اللہ کے رسول ہیں جنہیں رحمۃ للعالمین بنا کر مبعوث کیا جائے گا"۔

لوگوں نے اس سے استفسار کیا، تم نے یہ کیسے جانا؟ اس نے کہا: جب تم لوگ اس طرف آرہے تھے تو ان درختوں اور پتھروں نے سجدہ کیا تھا اور یہ دونوں چیزیں نبی مختار کے علاوہ کسی کو سجدہ نہیں کرتیں۔



راہب نے حضرت ابو طالب سے ان کے بارے میں مزید دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا: یہ میرا بھتیجا ہے، راہب نے کہا: کیا تم ان سے محبت کرتے ہو؟ انہوں نے کہا: جی ہاں، تو راہب نے کہا: اگر تم انہیں ساتھ لے کر شام گئے تو یہودی انہیں قتل کر دیں گے، یہ سن کر حضرت ابو طالب گھبرا گئے اور انہوں نے چند نوجوانوں کے ساتھ آپ ﷺ کو واپس مدینہ منورہ بھیج دیا۔

## سیدہ خدیجہ کا مال تجارت

آپ ﷺ نے شام کا دوسرا سفر پچیس سال کی عمر مبارک میں حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے غلام میسرہ کے ساتھ کیا، آپ ﷺ ان کا مال تجارت لے کر روانہ ہوئے، جب آپ ﷺ بصریٰ کے مقام پر پہنچے تو نسطورا راہب کے مسکن کے قریب ایک درخت کے پاس قیام فرمایا تو نسطورا راہب نے یہ دیکھ کر کہا: اس درخت کے نیچے سوائے نبی کے کسی نے قیام نہیں کیا۔ پھر اس نے آپ ﷺ کی آنکھوں میں موجود سرخی کے بارے میں سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں ایسا ہی ہے، تب اس نے کہا: یہ کبھی ختم نہیں ہو گی کیونکہ آپ نبی بلکہ آخری نبی ہیں۔

بعد ازاں آپ ﷺ نے تجارتی اموال فروخت کیے اور بہت نفع حاصل کیا اور واپس لوٹے تو سخت گرمی کے عالم میں بھی فرشتوں نے آپ کو سایہ فگن تھے جبکہ میسرہ گرمی سے بے حال تھے، جب اسی عالم میں آپ ﷺ مکہ مکرمہ داخل ہوئے تو حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو دیکھا لیا پھر آپ ﷺ نے انہیں نفع کی نوید سنائی اور میسرہ نے اپنا آنکھوں دیکھا حال بیان کیا اور جو کچھ بصریٰ کے راہب

نے کہا تھا وہ سب بتایا تو آپ رضی اللہ عنہا نے اسی وقت آپ ﷺ سے شادی کا ارادہ کیا اور انہیں دنوں میں آپ کی شادی ہوگئی اس وقت آپ رضی اللہ عنہا کی عمر مبارک چالیس سال تھی۔

حضور نبی کریم ﷺ کی تمام اولادِ کرام انہیں کے بطنِ اقدس سے ہوئی سوائے حضرت ابراہیم کے کہ وہ سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے پیدا ہوئے، سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا جب تک بقید حیات رہیں آپ ﷺ نے کوئی دوسرا نکاح نہیں فرمایا، آپ ﷺ اکثر اوقات انہیں یاد کرکے فرماتے تھے کہ خدیجہ تو ایسی شان والی تھی۔۔۔۔خدیجہ تو ایسی تھی۔۔۔۔(وغیرہ)۔

## تعمیر خانہ کعبہ اور تنصیب حجرِ اسود

جب آپ ﷺ کی عمر مبارک پینتیس سال (۳۵) ہوئی تو قریش نے خانہ کعبہ کی تعمیر و مرمت کا ارادہ کیا لہٰذا جب تعمیر کے دوران حجر اسود کی تنصیب کا مرحلہ آیا تو ان میں جھگڑا ہو گیا کہ اسے رکھنے کا کون زیادہ حق دار ہے، اس بارے میں جب کافی بحث و مباحثہ ہو چکا اور نوبت قتال تک آپہنچی تو بالآخر سب کا اس بات پر اتفاق ہوا کہ جو بھی کل باب بنی شیبہ سے سب سے پہلے داخل ہوگا وہی اس کا فیصلہ کرے گا، چنانچہ دوسرے دن آپ ﷺ ہی سب سے پہلے داخل ہوئے لہٰذا سب نے کہا: اس امین کے فیصلے پر ہم راضی ہیں کیونکہ وہ تمام ہی لوگ آپ ﷺ کو اعلان نبوت سے قبل ہی "امین" کہا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے تمام سرداروں کو بلایا اور زمین پر چادر بچھا کر حجر اسود اپنے ہاتھوں سے اس میں رکھ دیا پھر فرمایا: ہر قبیلہ کا سردار اس



چادر کا ایک کونہ تھام لے، یوں سب نے مل کر اسے اُٹھایا، جب وہ مقام تنصیب کے پاس آئے اور آپ ﷺ نے اسے اپنے ہاتھوں سے نصب کر دیا۔

## اعلانِ نبوت و رسالت

جب آپ ﷺ کی عمر مبارک چالیس سال ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو رحمت بنا کر کائنات کی جانب مبعوث فرمایا اور آپ ﷺ کے پاس فرشتوں کے سردار سیدنا جبرائیل امین علیہ السلام کو بھیجا۔ آپ ﷺ کی وحی کی ابتدا نیک خوابوں سے ہوئی آپ ﷺ جو بھی خواب دیکھتے وہ صبح روشن کی طرح سچا ہو کر پورا ہو جاتا تھا پھر آپ ﷺ کو خلوت نشینی محبوب ہوئی تو غارِ حراء میں خلوت گزیں ہوگئے اور اس میں شب و روز عبادت کرنے لگے حتیٰ کہ حق کا فرستادہ آپ ﷺ پر آیات مبارکہ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ [العلق ۹۶: (۱)] ترجمہ: "پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا"۔

لے کر نازل ہوا اور یہ رمضان المبارک کی سترہویں یا اٹھارویں تاریخ تھی جبکہ بعض نے کہا: ربیع الاوّل کا مہینہ تھا[۲۹]۔

## اوّلین اسلام لانے والے خوش نصیب

آپ ﷺ پر سب سے پہلے خواتین میں سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا ایمان لائیں جبکہ مردوں میں حضرت سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ اور بچوں میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ ایمان لائے

[۲۹] محدثین کرام کی روایات کے تناظر میں ۱۷ رمضان المبارک کی تاریخ تھی۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عمر اس وقت دس سال کے قریب تھی، غلاموں میں زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اولاً مشرف با ایمان ہوئے۔

## ابوطالب کا وصال اور مصائب کا آغاز

اعلانِ نبوت کے دسویں جبکہ بعض کے مطابق آٹھویں سال آپ ﷺ کے چچا حضرت ابوطالب نے وفات پائی اور ان کے وصال کے تین یا کچھ دن بعد بلکہ ایک قول کے مطابق ان سے پہلے ہی عظیم مناقب کی حامل سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا بھی وصال فرما گئیں تو آپ ﷺ کو ایک بڑی مصیبت کا سامنا ہوا اور کفارِ قریش سے جو ممکن ہو سکا تکالیف دینا شروع کیں کیونکہ حضرت ابوطالب نے آپ ﷺ کو محفوظ کیے رکھا اور ہر طرح سے معاونت فراہم کی تھی نیز ان کفار کو ایذا و تکلیف دینے سے باز رکھا ہوا تھا (لیکن آپ کے وصال کے بعد) حضور نبی کریم ﷺ برابر تکالیف و شدائد کا صبر کے ساتھ سامنا کرتے رہے اور اُمت کو ڈرانے اور توحید کی طرف بلانے پر اجر پاتے رہے حتی کہ آپ ﷺ نے طائف کا سفر اختیار کیا اس سفر میں آپ ﷺ کے غلام سیدنا زید بن حارثہ بھی ہمراہ تھے یہ سفر اس لیے تھا تا کہ قبیلہ ثقیف کے لوگوں کو اللہ تعالی کے راستے کی طرف بلائیں لیکن ان لوگوں نے نہایت سنگینی کا مظاہرہ کیا اور ان میں سے اس وقت کوئی بھی سننے اور ماننے کے لیے آمادہ نہیں ہوا لہٰذا آپ ﷺ مکہ مکرمہ میں امان لے کر تشریف لائے۔



## معراجِ نبوی

انہیں دنوں میں جنات کا ایک گروہ حاضر ہوا اور قرآن مجید سنا پھر اللہ تعالی نے آپ ﷺ کو سیر کرائی اور معراج کی نعمت سے سرفراز فرمایا جس سے خوشی و مسرت میں اضافہ ہوا، معراج کے وقت آپ ﷺ کی عمر اکیاون (۵۱) سال اور نو مہینے تھی، مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ کا یہ سفر اپنے بھائیوں یعنی انبیائے کرام کے ساتھ عبادت کرتے ہوئے مکمل ہوا، اللہ تعالی آپ ﷺ اور تمام ہی انبیائے کرام پر دُرود نازل فرمائے۔

پھر آپ ﷺ آسمانوں کی جانب تشریف لے گئے تو پہلے آسمان پر سیدنا آدم، دوسرے پر سیدنا یحییٰ اور سیدنا عیسیٰ، تیسرے پر سیدنا یوسف، چوتھے پر سیدنا ادریس، پانچویں پر سیدنا ہارون، چھٹے پر سیدنا موسیٰ اور ساتویں پر سیدنا ابراہیم علیہم السلام سے ملاقات ہوئی ان میں سے ہر ایک سے ملاقات کرتے وقت آپ ﷺ نے سلام کہا اور سب ہی نے آپ ﷺ کے سلام کا جواب پیش کیا اور ساتھ ہی فرمایا: نبی صالح کو خوش آمدید۔

پھر آپ ﷺ کو مزید اوپر لے جایا گیا حتی کہ سدرۃ المنتہیٰ کے مقام پر تشریف لے گئے جہاں آپ ﷺ نے قلموں کے چلنے کی آوازیں سنیں اور یہ وہ مقام ہے جہاں تک کسی بشر کو رسائی حاصل نہیں ہوئی، یہاں آپ ﷺ کو خواہش سے بالاتر بزرگی بخشی گئی اور اللہ تعالی کی زیارت اور گفتگو کی نعمت سے سرفراز فرمایا گیا۔

آپ ﷺ پر اور آپ کی اُمت پر پانچ نمازوں کو فرض کیا گیا، اس کے بعد آپ ﷺ بیت المقدس واپس تشریف لائے اور جبرائیل بھی آپ کے ہمراہ تھے ،جب آپ ﷺ مکہ مکرمہ میں اپنے بستر پر تشریف لائے تو اس وقت رجب المرجب کی ستائیسویں رات کی گھڑیاں باقی تھیں جبکہ بعض کے مطابق سترہ ربیع الاوّل یا رمضان کی رات تھی[3]۔ یہ واقعہ نہایت عظیم اور واضح نشانی و حجت تھا۔

## معراج نبوی اور قریش کے سوالات

جب صبح ہوئی تو آپ ﷺ نے قریش کو اس واقعہ سے مطلع فرمایا، لیکن انہوں نے اسے جھٹلا دیا اور کہنے لگے کہ جو کچھ آپ نے بیت المقدس میں دیکھا بھلا اس کی نشانیاں تو بیان کریں؟ جب آپ ﷺ اس کی نشانیاں بتانے لگے تو دورانِ کلام کچھ اشیاء کے بارے میں تفصیلات کی بابت پردہ رہا تب اللہ تعالی نے سیدنا جبرائیل علیہ السلام کو حکم فرمایا کہ وہ مسجد اقصیٰ کو دار عقیل کے پاس حاضر کردیں تاکہ آپ ﷺ اپنی آنکھوں سے ان کی پوچھی گئی نشانیاں بیان کردیں تو آپ ﷺ نے ان کے پوچھے گئے سوالات کے جوابات ارشاد فرمائے، نیز انہوں نے شام سے آنے والے اُونٹوں کے بارے میں پوچھا، تو آپ ﷺ نے اس کی علامات بیان کرتے ہوئے فرمایا:

وہ بدھ کے دن تک آجائے گا، جب بدھ کا دن ہوا اور سورج غروب ہونے کے قریب ہی تھا اور وہ قافلہ ابھی تک نہیں پہنچا تھا تو آپ ﷺ نے اللہ تعالی سے دعا

[3] جمہور علمائے کرام نے ۲۷ رجب المرجب ہی کو صحیح قرار دیا ہے۔



مانگی کہ اس سورج کو غروب ہونے سے روک دیا جائے (تا آنکہ وہ قافلہ نہ آن پہنچے) پس اسے غروب ہونے سے روک دیا گیا اور وہ قافلہ آگیا لہٰذا وہ آپ ﷺ کی سچائی کو جان گئے لیکن بایں ہمہ اسلام نہیں لائے۔

## دعوت و تبلیغ

آپ ﷺ نے بنفس نفیس قبائل کو (توحید و رسالت اور اپنی) نبوت کے بارے میں روشن دلائل و نشانیوں کے ساتھ دعوت دی حتی کہ اللہ تعالی نے اوس و خزرج جیسے قدیم دشمنوں کو (آپ ﷺ کی دعوت کے طفیل) نرم کردیا تاکہ وہ ان کی ذات کے لیے محافظ بنیں اور یہ ان لوگوں کو مضبوطی فراہم کریں پس انہوں (اوس و خزرج کے افراد) نے ہجرت پر بیعت کی اور یہ کہ جس طرح وہ اپنے گھر والوں سے تکالیف کو دور رکھتے ہیں ایسے ہی آپ ﷺ سے تکالیف کو دور رکھیں گے، لہٰذا آپ ﷺ نے اس کے بعد مکہ مکرمہ سے سفر ہجرت کرنے کا ارادہ فرمایا، اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک ترپن (۵۳) سال تھی اور اعلانِ نبوت کو تیرہ برس گزر چکے تھے۔

## ہجرتِ مدینہ کا سفر

آپ ﷺ ربیع الاوّل کی پہلی تاریخ کو نکلے تو آپ کے ہمراہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور ان کے غلام عامر بن فہیرہ اور عبد اللہ بن اُریقط لیثی تھے اور یہ (عبد اللہ) راستہ بتانے والے تھے۔

اسی سفر میں آپ ﷺ اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں غارِ ثور میں تین دن تک پوشیدہ رہے اس دوران (غار کے دہانے پر) مکڑی نے جالا بن دیا اور کبوتری نے

آکر انڈے دے دیے نیز اور ابھی بہت سے مشہور واقعات رونما ہوئے بعد ازاں آپ دونوں حضرات غار سے نکلے اور اپنے راستے پر گامزن ہوئے۔

قُدَیْد[۱۳۱] کے راستے سے ہونے والے اس (ہجرت کے) سفر میں مشہور اور روشن نشانیاں ظاہر ہوئیں، مثلاً سراقہ بن مالک بن جعشم اور خیمہ والی اُمّ معبد کی بکری کے واقعات۔ پھر آپ ﷺ بارہ ربیع الاوّل پیر کے روز مدینہ منورہ تشریف لائے جبکہ بعض اہل علم نے آٹھ ربیع الاوّل بیان کیا ہے لیکن پہلا قول ہی معتمد ہے۔

آپ ﷺ نے داہنی سمت کا انتخاب کیا اور مدینہ منورہ کے بالائی حصے میں بنی عمرو بن عوف کے پاس قبا میں اُترے اور یہ تمکین و مرتبت کی نیک فال بھی تھی ، اہل مدینہ (آپ ﷺ کی آمد پر) اتنے فرحاں وشاداں ہوئے کہ ہجوم کے باعث جگہ تنگ ہونے لگی پھر آپ ﷺ اونٹنی پر سوار ہوئے اور اس کی مہار کو چھوڑ دیا اور فرمایا: اسے جانے دو کہ اسے حکم دے دیا گیا ہے (کہ کہاں پڑاؤ کرنا ہے) وہ چلی اور آکر آپ ﷺ کے دادا کے ننھیال بنی نجار کے گھروں کے قریب (مستقل میں بنائے جانے والی) آپ ﷺ کی مسجد کے دروازے مقام پر ٹھہر گئی، آپ ﷺ نے یہیں قیام فرمایا لہٰذا یہ آپ ﷺ کا گھر ہوا اور انصار آپ ﷺ کے پڑوسی ہوئے۔

---

[۱۳۱] مکہ مکرمہ کے قریب ایک قدیم جگہ کا نام ہے، تبع جب اہل مدینہ سے جنگ کے بعد یہاں اُترا تو اس نے خیمے لگائے لیکن ہوا نے اس کے خیمے اُکھاڑ دیے اسی لیے اسی "قدید" کہا جاتا ہے۔ معجم البلدان للحموی، ۳/ ۳۱۴۔



یہاں قیام فرمانے کے بعد آپ ﷺ نے دین کی اشاعت اور اللہ ربّ العالمین کے پیغام کی تبلیغ میں پوری توانائی صرف کی، جنگی لشکر مہم پر روانہ کیے اور بعض میں خود بھی شرکت فرمائی حتی کہ وہ فتوحات حاصل ہوئیں جن کی تفصیلات سیرت کے ابواب میں مشہور ہیں۔

## فتحِ مکہ اور بتوں کی رسوائی

ہجرت کے آٹھویں سال رمضان میں مکہ مکرمہ کو فتح فرمایا، بیس رمضان المبارک کو بیت الحرام میں طواف کیا اور دورانِ طواف جب خانہ کعبہ کے گرد نصب تین سو ساٹھ بتوں کے قریب سے گزرے تو ان میں سے ہر ایک کی جانب اپنے تیر جبکہ ایک روایت کے مطابق اپنے ہاتھوں میں موجود چھڑی سے اشارہ کرتے ہوئے فرماتے: جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ [بنی اسرائیل ۱۷: (۸۱)] (ترجمہ: "حق آیا اور باطل مٹ گیا")، تو وہ بت اپنے منہ کے بل گر جاتا۔

## محمد مصطفیٰ ﷺ کے معجزات

اللہ تعالی نے آپ ﷺ کے ہاتھوں کثیر معجزات ونشانیاں ظاہر فرمائیں، آپ ﷺ کو خصائص وکمالات سے نوازا کہ بت آپ ﷺ کے اشارے سے گر پڑے، گوہ اور بھیڑیے نے آپ ﷺ کی نبوت کی گواہی دی، چاند آپ ﷺ کے لیے دو ٹکڑے ہوا، ہرنی کے دودھ پیتے بچے نے آپ ﷺ سے کلام کیا، آبشاروں کی مثل آپ ﷺ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہوئے، آپ ﷺ کے تھوڑے سے کھانے نے جم غفیر کو شکم سیر کر دیا، کھجور کا خشک تنا آپ ﷺ کے فراق میں

رویا، کھانے نے آپ ﷺ کے سامنے اور کنکریوں نے آپ ﷺ کی مٹھی میں تسبیح بیان کی اور قرآن مجید کی آیات کا معجزہ تو کبھی ختم ہونے والا ہی نہیں (کہ ارشاد ہوتا ہے)

لَّا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ
ترجمہ: "باطل کو اس کی طرف راہ نہیں نہ اس کے آگے سے نہ اس کے پیچھے سے"۔
[حم السجدۃ ۴۱: (۴۲)]

## خصائص وکمالات کی جھلک

لہٰذا آپ ﷺ کے معجزات وکمالات تو اس قدر ہیں جن کا شمار ممکن نہیں، آپ ﷺ کے محاسن نہایت جمیل اور کثیر تھے اور صفات کریمہ روشن ومنور تھی، آپ ﷺ **"محمد"** ہیں کہ جن کی خصلتوں کو بہت سراہا گیا **"احمد"** ہے کہ اللہ تعالیٰ کبیر ومتعال کی مخلوقات میں سب سے زیادہ تعریف کرنے والے ہیں اور **"ماحی"** ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے طفیل گمراہی کو ختم فرمانے والا ہے اور **"حاشر"** ہے کہ روز قیامت انہیں کے قدموں پر لوگ جمع ہوں گے اور **"عاقب"** یعنی نبیوں میں سب سے آخری ہے، اسی طرح آپ ﷺ کے القاب میں **"نبی التوبہ"** بھی ہے کہ جس نے بھی ان کے وسیلہ سے توبہ کی وہ آئندہ کے لیے گناہوں سے بچ گیا اور **"نبی الرحمہ"** ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کے طفیل مومن وکافر اور فاسق وفاجر پر بھی رحم فرماتا ہے۔ یہ آپ ﷺ کے مشہور اسمائے مبارکہ میں سے چند ہیں جو معروف کتابوں میں آئے ہیں۔



## حسن ازل کی تصویر وتنویر

آپ ﷺ تخلیق کے اعتبار سے تمام لوگوں میں کامل، ذات کے لحاظ سے سب میں خوب صورت اور صفات وکمالات میں سب سے افضل تھے۔

معتدل قد وقامت، خوبصورت جسم اقدس، کشادہ پیشانی، بھرا بدن، فربہ خلقت واعضائے شریفہ، سفید وپُر کشش اور تناسب کے قدرے گول وروشن رُخ انور، چہرہ کی تابانی ایسی جیسے چودھویں کا چاند جوبن پر ہو، پیٹ اور سینہ کے سواء پورا جسم اقدس متناسب گوشت سے پُر، کشادہ پیشانی، ابھری ہوئی خوبصورت بنی مبارک، ملی ہوئے اَبرو اقدس اوران کے مابین ایک رگ جو غضب کے لمحے ظاہر ہوتی، سرمگیں آنکھیں، قدرے فراخ دہانہ مبارک، کشادہ داندنِ اقدس جو دیکھنے میں بھلے لگتے، خوبصورت گردن، مضبوط کلائیاں، ہتھیلیاں اور قدمین شریفین بھرے ہوئے، دونوں ہاتھوں میں کشادگی اور تناسبی فاصلہ، بلند ٹخنے، فراخ شانے، بلند سینہ، گھنی داڑھی مبارک، گیسوئے اقدس کاندھوں تک دراز، کبھی کبھار سمٹ کر کانوں تک آشکار، نگاہیں آسمان کی جانب بلند ہونے کے بجائے زمین کی طرف جھکی ہوئیں، نہایت سخی جس نے کسی بھی چیز کا سوال کیا اسے عطا فرمادی اوراس دین کو بھی شمار میں نہ جانا، بُردبار، بہت حیا فرمانے والے ایسی حیا کہ پردہ نشین کنواری لڑکی سے بھی زیادہ، بہادر اور ہر میدان میں صف اوّل میں قائم، مخلوق میں کوئی ان کی مثل بہادر نہیں۔

## شجاعت نبوی اور صحابہ کرام

حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں:

جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان

جب کبھی جنگ میں شدت آجاتی تو ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے سایہ میں پناہ گزیں ہوتے تھے۔

جنگ حنین کے دن جب (لوگوں کو) کچھ لمحے کے لیے پسپائی نظر آئی تو رسول اللہ ﷺ اس وقت اپنے خچر پر سوار تھے، آپ ﷺ نے اسے ایڑ لگائی اور مشرک دشمنوں کی جانب بڑھتے گئے اور اپنے نام کی صدا لگاتے گئے:

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ       اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

ترجمہ: میں نبی ہوں اس میں کوئی جھوٹ نہیں اور میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں[۳۲]۔

(اس جنگ میں) جب بھی آپ ﷺ کے صحابہ کرام آپ کی جانب رجوع کرتے تو باطل ان کے آگے بھاگتا نظر آتا، اللہ تعالی ان کی ذات پر دُرود اور سلام نازل فرمائے۔

## اخلاق و کردار

آپ ﷺ نے کبھی بھی اپنی ذات کے لیے انتقام نہیں لیا اور نہ غصہ فرمایا بس آپ ﷺ اُسی وقت جلال میں آتے جب اللہ تعالی کی مقرر کردہ حدود کو پامال کیا جاتا، آپ ﷺ مساکین سے بہت محبت فرماتے، اہل مرتبت لوگوں کی تکریم کرتے

[۳۲] صحیح بخاری، کتاب الجہاد، باب من قاد دابۃ غیرہ۔۔الخ، ص ۵۸۳، رقم ۲۸۶۴: صحیح مسلم، کتاب الجہاد، باب غزوۃ حنین، ص ۸۵۳، رقم ۱۷۷۶، سنن ترمذی، کتاب الجہاد، باب الثبات عند القتال، ص ۳۹۴، رقم ۱۶۸۸، مسند احمد، ۴/ ۳۱۳۰، رقم ۱۸۴۶۸۔



، دین دار افراد کی حوصلہ افزائی فرماتے، جنازوں میں شریک ہوتے، مریضوں کی عیادت فرماتے۔

آپ ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ تواضع فرمانے والے، اللہ تعالی کا بہت زیادہ ذکر کرنے والے، روزے رکھنے والے، اُمت کے لیے فکر مند، طویل قیام کرنے والے تھے۔

## حجۃ الوداع

آپ ﷺ نے دس سن ہجری میں ستر ہزار جبکہ بعض کے نزدیک ایک لاکھ لوگوں کے ساتھ حج ادا فرمایا اس وقت آپ ﷺ کی سواری پر جو پُرانا پالان رکھا ہوا تھا اس کی قیمت چار درہم تھی اور آپ ﷺ یہ صدا بلند فرما رہے تھے: اے اللہ! اس حج کو ایسا کر دے کہ اس میں کوئی ریا و دِکھاوا نہ ہو، اس حج میں وقوف عرفہ جمعہ کے دن آیا اسی لیے اسے حجۃ الاسلام اور حجۃ الوداع کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس وقت جو صحابہ کرام موجود تھے الوداعی خطاب کرتے ہوئے انہیں رخصت کیا اور فرمایا: جو یہاں پر موجود ہیں عنقریب وہ مجھے دوبارہ نہیں دیکھ پائیں گے۔

آپ ﷺ نے اس سے پہلے بھی دو حج ادا فرمائے ہوئے تھے جبکہ بعض کے نزدیک اس سے زیادہ ادا کیے تھے نیز چار عمرے بھی ادا کیے تھے اور آخری عمرہ اسی حج اکبر کے موقع پر ادا فرمایا۔ اسی حج کے موقع پر اللہ تعالی نے یوم عرفہ کے دن اس وحی کو نازل فرمایا جسے دیکھ کر اُمت مسلمہ کے سُرور و ایمان اور شکر و ایقان میں اضافہ ہوا اور وہ سچا خطاب یہ تھا:

| | |
|---|---|
| اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا [المائدۃ۵: (۳)] | ترجمہ: ”آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو دین پسند کیا“۔ |

رسول کریم ﷺ کی وفات کے وقت اسی آیت کی جانب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اشارہ فرماتے ہوئے روئے اور آپ ﷺ سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمارا دین اگرچہ کامل ہوچکا ہے لیکن اس میں مزید اضافہ فرمادیں کیونکہ اس کے کامل ہونے کے بعد والے نقصان (یعنی آپ ﷺ کے وصال) کو ہم برداشت نہیں کر سکتے، تو آپ ﷺ نے ان کے اس اشارے کی تصدیق فرمائی۔

## مرض وصال کا آغاز

آپ ﷺ حج سے مدینہ منورہ واپس تشریف لائے تو کچھ عرصے بعد گیارہ سن ہجری صفر کے آخری بدھ کو جبکہ بعض کے نزدیک صفر کی آخری دو راتیں باقی تھیں کہ مرض کا آغاز ہوا، تکلیف بڑھی اور بخار لاحق ہوا اور اس مرض نے شدت اختیار کرلی اس وقت آپ ﷺ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں قیام فرماتے تو آپ ﷺ نے تمام ازواج سے اجازت طلب فرمائی کہ علالت کے تمام ایام میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں قیام فرمائیں گے، سب ہی نے اجازت پیش کی، آپ ﷺ بارہ یا چودہ دِنوں تک علیل رہے ان ایام میں صرف تین دن کے علاوہ بقیہ تمام روز آپ ﷺ نماز کے لیے تشریف لاتے رہے۔



ایک روز سیدنا بلال رضی اللہ عنہ نے صبح (تہجد) کی اذان دی اور اطلاع دینے کے لیے کاشانہ اقدس پر حاضر ہوئے اور سلام عرض کیا تو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا: اے بلال! رسول اللہ ﷺ اپنی کیفیت میں مشغول ہیں، پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ دوبارہ مسجد لوٹ آئے پھر صبح (فجر) کی اذان دِی اور دوبارہ کاشانہ اقدس حاضر ہوئے اور عرض کی: اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ الله! اور نماز کی اطلاع پیش کی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابو بکر کو کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں لہذا سیدنا بلال رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کے حکم سے آگاہ کیا، جب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اپنے حبیب کریم ﷺ کی جگہ نماز کے لیے قیام فرما ہوئے اور آپ نہایت نرم دل تھے تو بلند آواز سے رونے لگے پھر بیہوش ہو کر گر پڑے نیز صحابہ کرام بھی اپنے نبی ﷺ کو نہ پانے کی بنا پر زار و قطار رونے لگے حتی کہ یہ آوازیں آپ ﷺ کی بارگاہ تک جا پہنچی تو دریافت فرمایا: یہ کیا ماجرا ہے؟ عرض کی گئی: یہ مسلمانوں کے رونے کی آوازیں ہے کیونکہ انہوں نے اپنے رسول خاتم النبیین ﷺ کی زیارت نہیں کی ہے۔

پس آپ ﷺ نے وضو وغسل فرمایا تاکہ ان کے پاس تشریف لے جائیں لیکن مرض کی کمزوری نے ایسا نہ کرنے دیا جبکہ ایک روایت میں مذکور ہے کہ آپ ﷺ باہر تشریف لائے انہیں نماز پڑھائی اور دوبارہ اندر چلے گئے۔

## زندگی اور وصال کا اختیار

سیدنا جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور عرض کی: آپ کا ربّ آپ پر سلام بھیجتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے: اگر آپ چاہیں تو آپ کو شفایاب اور صحیح کر دیا جائے اور اگر چاہیں تو وصال دے کر بخش دیا جائے، آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میرے ربّ کا

چاہیں تو وصال دے کر بخش دیا جائے، آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میرے ربّ کا معاملہ ہے میرے ساتھ جو چاہے فرمائے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ آپ ﷺ کو اختیار دیا گیا تو آپ ﷺ نے رفیق اعلیٰ کو اختیار کیا۔

ایک ندا کرنے والے نے صدا دی: اے نیکوکاروں کے پیشوا، ہم نے تقدیر لکھ دی اور وہ پوری ہوتی ہے اور ہم جو کہتے ہے اسے پورا کرتے ہے:

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝ ترجمہ: "بیشک تمہیں انتقال فرمانا ہے اور ان کو بھی مرنا ہے"۔ [الزمر ۳۹: (۳۰)]

## دم وصال بھی اُمت کی فکر

آپ ﷺ کی بارگاہ میں جب ملک الموت علیہ السلام حاضر ہوئے تو عرض کی: اللہ تعالی نے مجھے آپ کے پاس یہ حکم دے کر بھیجا ہے کہ آپ مجھے جو بھی حکم دیں اس میں آپ ﷺ کی اطاعت کروں، آپ ﷺ نے دریافت کیا: میرے محبوب جبرائیل کو کہاں چھوڑا ہے؟ انہوں نے عرض کی: آسمانِ دنیا کے فرشتے ان سے تعزیت کررہے ہیں، اسی اثنا میں جبرائیل علیہ السلام بھی حاضر ہو کر بیٹھ گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے جبرائیل! میری زندگی کے لمحات مکمل ہیں اور مجھے میرے ربّ کی جانب سے جس لطف کی بشارت دی گئی ہے (اسے بیان کرو کہ) اب میں بخوشی اپنی جان کو پیش کررہا ہوں تو سیدنا جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے حبیب! آسمانوں کے تمام دروازے کھول دیئے گئے ہیں اور فرشتے صف در صف



کھڑے ہاتھوں میں روح وریحان لیے آپ ﷺ پر رنچھاور کرنے کے لیے تیار ہیں، رضوان (خازنِ جنت) شاداں ہے اور آپ ﷺ کی پاکیزہ روح کا منتظر ہے۔

پس آپ ﷺ نے اللہ تعالی کی حمد بجالائی اور فرمایا: میں نے اس بارے میں دریافت نہیں کیا تھا اے جبرائیل! مجھے خوشخبری دو؟ تو سیدنا جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: جہنم کے دروازے بند کر دیئے گئے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دیے گئے ہیں، فردوس بریں کو آراستہ کر دیا گیا ہے، اس کے درخت (ثمر بار ہو کر) لٹک رہے ہیں اور حوریں سج کر آپ ﷺ کی روح اطہر کا انتظار کررہی ہیں، پس آپ ﷺ نے اللہ تعالی کی حمد بجالائی اور فرمایا: اے جبرائیل! میں نے اس بارے میں دریافت نہیں کیا تھا، سیدنا جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: سب سے پہلے آپ کے حشر معاملہ ہو گا، آپ ہی وہ پہلے ہوں گے جو اس کی بارگاہ میں شفاعت کریں گے اور آپ ہی وہ پہلے ہوں گے جن کی شفاعت قبول کی جائے گی اور انہیں اِن کی مراد حاصل ہو گی۔

آپ ﷺ نے فرمایا: میرا سوال اس حوالے سے نہیں تھا اور نہ ہی ان بشارات سے متعلق تھا جنہیں تم نے بیان کیا ہے تو سیدنا جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: پھر کس بارے میں دریافت فرمارہے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے جبرائیل! اپنی اُمت کے بارے میں پوچھ رہا ہوں، ان کی تکالیف، ان کی پریشانی اوران کے رنج والم کے بارے میں دریافت کررہا ہوں، میری اُمت ناتواں ہے لیکن وہ مجھ پر ایمان لائی

اور اپنے معاملے کو میرے سپرد کر دیا، میری شریعت اور دین وملت کو تسلیم کیا، میری اطاعت واتباع کی، میری اُمت کا انجام کیا ہوگا اور ان کے عذاب کا معاملہ کیسا ہوگا؟

سیدنا جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے حبیب! آپ کو خوشخبری ہے کہ اللہ تعالی نے آپ اور آپ ﷺ کی اُمت کے لیے فیصلہ فرمادیا ہے کہ آپ سے پہلے کوئی نبی جنت میں نہیں جائے گا اور آپ کی اُمت سے پہلے کوئی اُمت داخل جنت نہ ہوگی۔ یہ سن کر آپ ﷺ بہت خوش ہوئے پس اللہ تعالی انہیں اپنی شان کے مطابق ہماری اور جمیع امت کی طرف سے بہترین جزا عطا فرمائے۔

پھر سیدنا جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے احمد! اللہ آپ کی ملاقات کا مشتاق ہے اور یہ چاہتا ہے کہ آپ اس کی بارگاہ میں آئیں تاکہ وہ آپ کو (اپنی شان کے مطابق) دیکھے، لہٰذا آپ ﷺ نے ملک الموت علیہ السلام سے فرمایا: تمہیں جو حکم دیا گیا ہے اُسے پورا کرو، پس جبرائیل علیہ السلام نے آپ ﷺ پر سلام بھیجا۔

## وصال نبوی

مروی ہے کہ آپ ﷺ نے آخری کلام میں فرمایا: اللہ تعالی سے ڈرتے رہو اور میری عترت کا خیال رکھو۔ جبکہ ایک اور روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے آخری کلام میں فرمایا: نماز کا خیال کرو، نماز کا خیال کرو اور اپنے غلاموں کا دھیان رکھو (یعنی اِن کے معاملات میں اللہ تعالی سے ڈرتے رہو)[۳۴]۔

[۳۴] سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز ۶، باب مرض رسول اللہ ﷺ ۶۴، ص ۲۸۵، رقم ۶۲۵۱۔



مصطفیٰ کریم ﷺ نے اپنی انگشتِ (شہادت) کو بلند کیا اور فرمایا: اَلرَّفِیْقُ الاَعْلٰی، پس آپ ﷺ کا وصال ہوگیا۔ اس وقت آپ ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر ان کے سینہ اقدس کے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے، قریب نصف النہار کا وقت، بارہ ربیع الاوّل پیر کا دن تھا جبکہ بعض کے نزدیک ربیع الاوّل کی آٹھویں تاریخ تھی۔

وصال کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک تریسٹھ (۶۳) سال تھی جبکہ بعض نے اس سے کچھ اوپر بھی بیان کی ہے، آپ ﷺ کے سر اور داڑھی مبارک میں صرف بیس کے قریب بال سفید تھے۔

آپ ﷺ کے وصال ظاہری سے بڑے بڑے صحابہ کرام بھی سکتہ میں آگئے، نہایت عظیم حیرت ومصیبت کا عالم تھا لہٰذا کچھ تو (شدتِ غم سے نڈھال ہوکر) بیٹھ گئے اور باقی خاموشی کے عالم میں تھے حتی کہ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ○ [الزمر ۳۹: (۳۰)]
ترجمہ: "بیشک تمہیں انتقال فرمانا ہے اور ان کو بھی مرنا ہے"۔

## تجہیز وتکفین

ازاں بعد جب آپ ﷺ کی وفات کا یقین ہوچکا تو اہل بیت کرام آپ ﷺ کو غسل دینے کے لیے جمع ہوئے ان میں سیدنا علی، سیدنا ابوالفضل عباس، حضرت عباس کے دو بیٹے سیدنا فضل اور سیدنا قثم، اُسامہ بن زید اور ان کا غلام صالح شامل تھے، سیدنا (ابولیلیٰ) اوس (بن خولی) انصاری رضی اللہ عنہ نے دروازے کے پیچھے سے

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو آواز دی، اے علی! میں تمہیں اللہ تعالی کی قسم اور انصاریوں کے رسول اللہ ﷺ سے تعلق کا واسطہ دیتا ہوں مجھے بھی اندر آنے دو، پس آپ نے فرمایا: آجاؤ تو وہ بھی اندر حاضر ہوگئے اور وہاں رہے لیکن انہوں نے غسل کے معاملات میں سے کوئی شئی سر انجام نہیں دی۔

امام ابن ماجہ نے سند جید کے ساتھ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا:

اِذَا اَنَا مُتُّ فَاغۡسِلُوۡنِي بِسَبۡعِ قِرَبٍ مِنۡ بِئۡرِی بِئۡرِ غَرۡسٍ[34].

**ترجمہ:** "اے علی! جب میرا انتقال ہو جائے تو مجھے میرے کنوئیں یعنی: بئر غرس کے سات ڈول پانی سے غسل دینا"۔

یہ کنواں قبا کے قریب واقع تھا اور آپ ﷺ اس کا پانی نوش فرمایا کرتے تھے۔

ابو جعفر محمد باقر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا:

"رسول اللہ ﷺ کو بیری کے (پتوں والے) پانی سے غسل دیا گیا، قمیص میں ہی غسل دیا گیا اور پانی اس کنوئیں سے لیا گیا تھا جسے سعد بن خیثمہ نے قبا کے قریب کھدوایا تھا، آپ ﷺ سے ایسی کوئی بات نہیں دیکھی گئی جیسی کے دیگر میتوں میں دیکھی جاتی ہے"۔

---

[34] سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز ٦، باب ماجاء فی غسل النبی ﷺ، ص ٢٦٠، رقم ١٤٦٨۔



سیدنا علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے جسم اقدس کو ہلاتے اور کہتے جاتے: "میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان، آپ سے زیادہ پاکیزہ وطیب کوئی زندہ یا مردہ نہیں"۔ پھر آپ ﷺ کو چارپائی پر لایا گیا اور تین سفید یمانی چادروں کے کپڑوں میں کفن دیا گیا جس میں قمیص اور عمامہ شامل نہیں تھا[35]، جبکہ ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ کو دو کپڑوں اور ایک حبرہ کی چادر میں کفن دیا گیا[36] پھر چارپائی پر رکھ دیا گیا۔

## نمازِ جنازہ اور تدفین

لوگوں نے بغیر امام کے آپ ﷺ کی نماز ادا کی بایں طور کہ کچھ لوگ گروہ در گروہ حاضر ہوتے اور نماز پڑھ کر رخصت ہو جاتے، (مردوں کے نماز ادا کر لینے کے بعد) خواتین نے بھی اسی طرح نماز ادا کی، پھر مدفن کے بارے میں قیل و قال ہونے لگی تو سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: (مَا قُبِضَ نَبِيٌّ اِلَّا دُفِنَ حَيۡثُ يُقۡبَضُ)[37].

**ترجمہ:** "جس جگہ پر کسی نبی کا وصال ہوتا ہے اسی جگہ اسے دفن کیا جاتا ہے"۔

---

[35] سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز ٦، باب ماجاء فی کفن النبی ﷺ ١١، ص ١٢٦، رقم ١٤٦٩۔

[36] امام ابن ماجہ نے روایت میں ذکر کیا ہے کہ سیدہ عائشہ نے حبرہ کی چادر میں کفن دیئے جانے سے انکار کیا ہے جیسا کہ مذکورہ بالا روایت ہی میں یہ فرمان بایں الفاظ موجود ہے: فَقِيلَ لِعَائِشَةَ: إِنَّهُمۡ كَانُوا يَزۡعُمُونَ أَنَّهُ قَدۡ كَانَ كُفِّنَ فِي حِبَرَةٍ، فَقَالَتۡ عَائِشَةُ: قَدۡ جَاؤُوا بِبُرۡدِ حِبَرَةٍ، فَلَمۡ يُكَفِّنُوهُ. یعنی حبرہ کی چادر کفن دینے کے لیے لائی تو گئی تھی لیکن اس میں کفن دیا نہیں گیا۔ ایضاً

[37] سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز ٦، باب ذکر وفاتہ ودفنہ ﷺ ٦٥، ص ٢٨٦، رقم ١٦٢٨۔

اس پر سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: "جہاں اللہ تعالی نے اپنے نبی کے وصال کو منتخب کیا ہے تو اِس جگہ سے زیادہ بہتر بھلا کون سے جگہ ہوگی" لہٰذا سب لوگوں نے اس پر اتفاق کرلیا اور وہیں آپ ﷺ کی تدفین ہوئی۔

کہا گیا: تدفین منگل کے دن صبح کے وقت یا زوال کے وقت ہوئی جبکہ بعض حضرات نے کہا: بدھ کے دن ہوئی اور یہی قول زیادہ مشہور ہے، آپ ﷺ کی قبر انور پر پانی بھی چھڑکا گیا۔

## شہزادی کونین فاطمہ زہراء کی باباجان کے مزار پر حاضری

سیدہ بتول فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا کے لیے یہ ایک بہت بڑی مصیبت تھی پس انہوں نے قبر انور کی مٹی کو ہاتھ میں لیا اور آنکھوں سے لگا کر روتے ہوئے فرمایا:

مَا ذَا عَلَى مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ اَحْمَدَ   اَنْ لَا يَشُمَّ مَدَى الزَّمَانِ غَوَالِيَا

صُبَّتْ عَلَيَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّهَا   صُبَّتْ عَلَى الاَيَّامِ عُدْنَ لَيَالِيَا

ترجمہ: جس کسی نے بھی احمد ﷺ کی قبر مقدس کی مٹی کو سونگھ لیا ہے وہ اگر زندگی بھر کسی اور کو خوشبو کو نہ بھی سونگھے تب بھی کوئی ضرورت ہی نہیں مجھ پر تو ایسے مصائب ٹوٹے ہیں کہ اگر کسی روشن دن پر ٹوٹتے تو اسے سیاہ کر دیتے۔

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے خادم رسول سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا:

يَا اَنَسُ! اَطَابَتْ اَنْفُسُكُمْ اَنْ تَحْثُوا التُّرَابَ عَلَى حَبِيْبِ اللهِ ﷺ؟[۳۸]۔

[۳۸] سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز ۶، باب ذکر وفاتہ ودفنہ ﷺ ۶۵، ص ۲۸۶، رقم ۱۶۳۰۔



ترجمہ: اے انس! تمہارے دل نے کیسے گوارا کرلیا کہ اللہ کے حبیب ﷺ پر مٹی ڈالو؟

پس صحابہ کرام اور تمام ہی لوگ نہایت غم و فرقت میں تڑپنے لگے، صحابہ کرام اور امہات المومنین سب ہی روتے رہے اور آنسوان کے رخساروں پر بہتے رہے جبکہ ان کے دلوں میں صورت حبیب ﷺ کی جدائی کے سبب حسرت کے آنسو چھلک رہے تھے۔

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں:

يَا أَبَتَاهُ ، أَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ ، يَا أَبَتَاهُ ، جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَأْوَاهُ ، يَا أَبَتَاهُ ، إِلَى جِبْرَائِيلَ نَنْعَاهُ[۳۹].

ترجمہ: بابا جان! آپ نے اپنے ربّ کی دعوت پر لبیک کہا، بابا جان! جنت الفردوس آپ کا مقام ہے، باباجان! ہم جبرائیل سے اپنا غم کہتے ہیں۔

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے:

اے ہم سے راضی رہنے والے، اے نبی، اے برگزیدہ! اے حبیب! اے خلیل!۔

آپ کے چچا کے بیٹے ابوسفیان بن حارث (بن عبد المطلب) نے مرثیہ کہا[۴۰]:

[۳۹] سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز ۶، باب ذکر وفاتہ ودفنہ ﷺ ۶۵، ص ۲۸۶، رقم ۱۶۳۰۔

اَرِقْتُ فَبَاتَ لَيْلِي لَا يَزُوْلُ ‏ وَ لَيْلُ اَخِي الْمُصِيْبَةِ فِيْهِ طُوْلُ
وَ اَسْعَدَنِي الْبُكَاءُ وَ ذَاكَ فِيْمَا ‏ اُصِيْبَ الْمُسْلِمُوْنَ بِهٖ قَلِيْلُ
لَقَدْ عَظُمَتْ مُصِيْبَتُنَا وَ جَلَّت ‏ عَشِيَّةَ قِيْلَ قَدْ قُبِضَ الرَّسُوْلُ
وَ اَضْحَتْ اَرْضُنَا مِمَّا عَرَاهَا ‏ تَكَادُ بِنَا جَوَانِبُهَا تَمِيْلُ
فَقَدْنَا الْوَحْيَ وَ التَّنْزِيْلَ فِيْنَا ‏ يَرُوْحُ بِهٖ وَ يَغْدُو جِبْرَئِيْلُ
وَ ذَاكَ اَحَقُّ مَا سَالَتْ عَلَيْهِ ‏ نُفُوْسُ الْخَلْقِ اَوْ كَرَبَتْ تَسِيْلُ
نَبِيٌّ كَانَ يَجْلُو الشَّكَّ عَنَّا ‏ بِمَا يُوْحٰى اِلَيْهِ وَ مَا يَقُوْلُ
وَ يُهْدِيْنَا فَلَا نَخْشٰى ضَلَالاً ‏ عَلَيْنَا وَ الرَّسُوْلُ لَنَا دَلِيْلُ
اَ فَاطِمُ اِنْ جَزِعْتِ فَذَاكَ عُذْرٌ ‏ وَ اِنْ لَمْ تَجْزَعِي ذَاكَ السَّبِيْلُ
فَقَبْرُ اَبِيْكِ سَيِّدُ كُلِّ قَبْرٍ ‏ وَ فِيْهِ سَيِّدُ الْخَلْقِ الرَّسُوْلُ

ترجمہ: میں غم محبوب میں رات بھر روتا رہا لیکن یہ رات ختم ہی نہیں ہو رہی گویا یہ رات بھی مصیبت ہی کی طرح طویل ہے، مجھے غم حبیب میں گریہ وزاری کی سعادت ملی اور یہ مسلمانوں کو پہنچنے والی مصیبت کے مقابل تھوڑی

=

۴ ہم نے اس قصیدے کے اشعار کی تصحیح امام ناصر الدین دمشقی کی کتاب "سلوۃ الکئیب بوفاۃ الحبیب" سے کی ہے، مخطوط میں قدرے سقم تھا، یہ طویل قصیدہ ہے مولف نے صرف چند منتخب اشعار ہی ذکر کیے ہیں، تفصیل کیلئے "سلوۃ الکئیب" ص ۱۹۹/ الزھرۃ للامام ابی بکر اصفہانی، ۵۰۹/ ۲ اور مواہب لدنیہ ۵۵۳/ ۴ دیکھیں۔



ہے کہ اس دن کی صبح ہمارے لیے کتنی مصیبت والی تھی جب ہمیں بتایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ کا وصال ہو گیا ہے اور ہماری یہ چٹیل زمین وسعت کے باوجود گویا ہم پر تنگ ہونے لگی، ہم نے اپنی اندر اُتنے والی وحی ربانی کو کھو دیا جسے جبرائیل صبح وشام لے کر نازل ہوتے تھے لہٰذا اس مصیبت پر لوگ جتنے بھی آنسو بہایں یا غم کا اظہار کریں کم ہے، نبی ﷺ اپنے وحی اور گفتگو سے ہمارے شکوک وشبہات کو دور فرما دیا کرتے تھے اور آپ ﷺ نے تو ہمیں ایسی ہدایت بخشی ہے کہ ہمیں گمراہی کا کوئی خوف نہیں، کیونکہ ہمارے لیے آپ ﷺ کی ذات بطور دلیل وپیروی کے لیے کافی ہے، اے فاطمہ! اگر تم آنسو بہاتی بھی ہو تو بے شک تمہارے لیے عذر ہے اور اگر نہ بہاؤ اور صبر کرو تو بے شک یہی تمہیں شایاں ہے کہ تمہارے باباجان کی قبر اقدس تو تمام قبروں کی سردار ہے، اس قبر میں مخلوق کے پیشوا اور رسول ﷺ جلوہ فرما ہے۔

اللہ تعالی ان پر دُرود وسلام نازل فرمائے اور اپنے یہاں ان کے لیے جو فضل وشرف رکھا ہے اس میں مزید اضافہ کرے اور ان حق داروں اور قیامت تک آنے والے آپ ﷺ کے محبین کو بھی تعظیم وتکریم کے طفیل اس میں سے حصہ عطا فرمائے

## مزارِ نبوی کی برکات تاقیامت رہیں گی

جن ثواب اور انعام واِکراماتِ طیبات وپاکیزات کی آپ ﷺ نے انہیں اپنے مزارِ پُرانوار کے پاس قربت کے سبب بشارت دی ہے نیز ان کے سلام کو سننے

اور بنفس نفیس انہیں جواب دینے اور اللہ تعالی کے اجر دینے کی جو نوید دی ہے (وہ بھی یقیناً انہیں حاصل ہو کر رہے گی)۔

امام ابو داؤد نے (اپنی سنن میں) سند صحیح کے ساتھ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَا مِنۡ أَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ إِلَّا رَدَّ اللهُ عَلَيَّ رُوۡحِيۡ حَتّٰى أَرُدَّ عَلَيۡهِ السَّلَامَ [141]۔

ترجمہ: جو کوئی بھی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو اللہ تعالی میری روح کو واپس کر دیتا ہے یہاں تک کہ میں اُس کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔

نیز آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِيۡنَ يُبَلِّغُوۡنِيۡ عَنۡ أُمَّتِي السَّلَامَ [142]۔

ترجمہ: بے شک اللہ تعالی کے کچھ سیاحت کرنے والے فرشتے بھی ہیں جو میری امت کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔

نیز آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

---

[141] سنن ابی داؤد، کتاب المناسک، باب زیارۃ القبور، ص ۳۵۳، رقم ۲۰۴۱: مسند احمد، ۱۶/ ۴۷۷، رقم ۱۰۸۱۵: السنن الکبری للبیہقی، ۵/ ۴۰۲، رقم ۱۰۲۷۰: شعب الایمان، ۶/ ۵۲، رقم ۳۸۶۴: المعجم الاوسط، ۳/ ۲۶۲، رقم ۳۰۹۲: مجمع البحرین، ۸/ ۲۵، رقم ۴۶۴۸۔

[142] مسند بزار، تحت مسند عبد اللہ بن مسعود، ۵/ ۳۰۷، رقم ۱۹۲۴، شعب الایمان، باب فی تعظیم النبی واجلالہ، ۳/ ۱۴۰، رقم ۱۴۸۰۔



حَيَاتِيۡ خَيۡرٌ لَكُمۡ تُحَدِّثُوۡنَ وَ يُحَدَّثُ لَكُمۡ وَ وَفَاتِيۡ خَيۡرٌ لَكُمۡ تُعۡرَضُ عَلَيَّ أَعۡمَالُكُمۡ فَمَا رَأَيۡتُ مِنۡ خَيۡرٍ حَمِدۡتُ اللهَ عَلَيۡهِ وَ مَا رَأَيۡتُ مِنۡ شَرٍّ اِسۡتَغۡفَرۡتُ اللهَ لَكُمۡ [143]۔

ترجمہ: میری حیات بھی تمہارے لیے خیر ہی ہے کہ میں مجھے وحی کی جاتی ہے اور میں تمہیں اس سے آگاہ کرتا ہوں اور میری وفات بھی تمہارے لیے خیر ہی ہو گی کہ تمہارے اعمال میرے سامنے پیش ہوں گے پس اس میں جو بھلائی دیکھوں گا تو اللہ کا شکر ادا کروں گا اور جب بُرائی نظر آئے گی تو تمہارے لیے استغفار کروں گا۔

امام بزار نے ان دونوں احادیث کو رجال صحیح کی سند کے ساتھ سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے نیز آپ ہی سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مَنۡ صَلّٰى عَلَيَّ عِنۡدَ قَبۡرِيۡ رَدَدۡتُ عَلَيۡهِ وَ مَنۡ صَلّٰى عَلَيَّ فِيۡ مَكَانٍ آخَرَ بَلِّغُوۡنِيۡهِ يَعۡنِيۡ بِهِ الۡمَلَائِكَةُ [144]۔

---

[143] مسند بزار، تحت مسند عبد اللہ بن مسعود، ۵/ ۳۰۸، رقم ۱۹۲۵۔

[144] ان الفاظ سے ہمیں یہ حدیث نہیں ملی البتہ اس سے ملتی جلتی حدیث آگے آ رہی ہے اس کے تحت ماخذ کی تخریج کر دی گئی ہے۔

ترجمہ: جس نے میری قبر کے پاس مجھ پر دُرود بھیجا اسے میں خود لوٹاتا (جواب دیتا) ہوں اور جس نے کسی دوسری جگہ سے مجھ پر دُرود بھیجا ہو تو اُسے فرشتوں کے ذریعے مجھ تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ صَلَّى عَلَيَّ عِنْدَ قَبْرِيْ سَمِعْتُهُ وَمَنْ صَلَّى عَلَيَّ نَائِيًا أُبْلِغْتُهُ [۴۵].

ترجمہ: جس نے میری قبر کے پاس مجھ پر دُرود پڑھا تو میں اِسے (بذاتِ خود) سنتا ہوں اور جس نے دُور سے پڑھا تو وہ مجھے پہنچا دیا جاتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِي بَعْدَ وَفَاتِي وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِي [۴۶].

ترجمہ: جس نے حج کیا اور میرے وصال کے بعد میری قبر کی زیارت کی اس کے لیے میری شفاعت لازم ہو گئی۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

---

۴۵ شعب الایمان، باب فی تعظیم النبی واجلالہ، ۳/ ۱۴۱، رقم ۱۴۸۱: حیاۃ الانبیاء للبیہقی، ص ۱۰۳، رقم ۱۸: الترغیب والترہیب للمنذری، باب الترغیب فی الصلوٰۃ علی النبی ۲/ ۳۱۷، رقم ۱۶۶۶: تاریخ بغداد للخطیب، ۴/ ۴۶۹۔

۴۶ شعب الایمان، باب فی تعظیم النبی واجلالہ، ۶/ ۴۸، رقم ۳۸۵۷۔



مَنْ زَارَنِي بِالْمَدِيْنَةِ مُحْتَسِباً كُنْتُ لَهُ شَفِيْعاً اَوْ شَهِيْداً يَوْمَ الْقِيَامَةِ [۴۷].

ترجمہ: جس نے بھی مدینہ میں نیکی کا طلبگار بن کر میری زیارت کی تو میں روزِ قیامت اس کے لیے شفاعت کرنے والا یا گواہ ہوں گا۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ لِلّٰهِ (تَعَالٰى) مَلَكًا أَعْطَاهُ أَسْمَاعَ الْخَلَائِقِ فَهُوَ قَائِمٌ عَلَى قَبْرِيْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ اَحَدٌ اِلَّا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ وَاِسْمِ اَبِيْهِ وَيَقُوْلُ صَلَّى عَلَيْكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ وَتَكَفَّلَ لِيْ رَبِّيْ اَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ بِكُلِّ صَلَاةٍ عَشْراً [۴۸].

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کی بات سن لینے کی طاقت عطا فرمائی ہے، وہ فرشتہ قیامت تک میری قبر کے پاس کھڑا رہے گا تو جو کوئی بھی مجھ پر دُرود پڑھے گا تو یہ فرشتہ مجھے اس شخص اور اس کے باپ کا نام بتا دیتا ہے کہ فلاں بن فلاں نے آپ پر دُرود بھیجا ہے

---

۴۷ شعب الایمان، باب فی تعظیم النبی واجلالہ، ۶/ ۵۰، رقم ۳۸۶۰۔

۴۸ التاریخ الکبیر للبخاری، ۶/ ۴۱۶، رقم ۲۸۳۱: الترغیب للمنذری، باب الترغیب فی الصلوٰۃ علی النبی، ۲/ ۳۱۹، رقم ۱۶۷۱: شفاء السقام للسبکی، ص ۱۷۲: کشف الاستار، ۴/ ۴۷، رقم ۳۱۶۲: القند فی ذکر علماء سمرقند للنسفی، ص ۵۵۰، ترجمہ ۱۰۰۷: کتاب العظمۃ، ص ۷۶۲، رقم ۳۳۹: طبقات الشافعیہ للسبکی: ۱/ ۱۶۹: بغیۃ الباحث للہیثمی، ۳/ ۹۶۳، رقم ۱۰۶۳۔

اور اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ ہر درود کے بدلے درود پڑھنے والے پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔

فالحمد لله الذی جعلنا من امته و شرفنا بجواره فنسئلك اللهم بجاهه العظيم و آله وصحبه و ازواجه ذوی القدر الفخيم ان توفقنا لاقتفاء اثاره و الاقتداء بواضح سبيل مناره و الاهتداء بمصباح انواره۔

اللهم اغفر لنا و لابائنا و امهاتنا و المسلمين و اختم لنا بخير اجمعين وانظر الينا بعين الرحمة ياذا الفضل العظيم و آخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين۔

# تم الکتاب

کتاب ہذا کے مخطوط کے کاتب نے آخر میں یہ تحریر لکھی ہے:

اس مولد شریف کی کتابت سے جمادی الاخر کے چوتھے جمعہ کی صبح سن ۱۳۲۶ ہجری میں فراغت ہوئی۔

العبد الفقير الضعيف جعفر ابن المرحوم السيد حسين بن السيد يحيیٰ هاشم الحسينی المدنی غفر الله لهم امين.



# کلماتِ تشکر

الحمد للہ !میلاد النبی ﷺ سے متعلق اس مختصر سی کتاب "المَوَارِدُ الهَنِيَّة فِي مَوْلِدِ خَيْرِ البَرِيَّة ﷺ" کے مخطوط کا ترجمہ آج منگل کی رات ۰۳/ نومبر، ۲۰۱۴ء بمطابق دس محرم الحرام ۱۴۳۶ھ شب عاشور، پایہ تکمیل کو پہنچا میں اس کا ثواب بصد عقیدت واحترام جمیع شہدائے کرب وبلا اور بالخصوص سیدنا امام حسین بن علی علیہما السلام کی نذر کرتا ہوں ، اللہ تعالی ان کے درجات کو بلند فرمائے ، مجھے بلکہ جملہ اُمت محمدیہ کو ان کے فیضان کرم وعنایت کی بارشوں سے تادم زندگی اور بعد وصال بھی سیراب وفیض یاب فرمائے کہ:

**يَلُوحُ الخطّ فِي القِرطَاسِ دَهْراً**
**وَ كَاتِبُه رَمِيمٌ فِي التُّرَابِ**

**زِ اعجازِ احمد ﷺ جہاں روشن است**

اعجاز بن بشیر احمد بن محمد شفیع
کراچی، اسلامی جمہوریہ پاکستان

جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان

## المصادر والمراجع

القرآن الكريم و الفرقان العظيم " كلام الله تبارك و تعالى .

" البحر الزخار المعروف بمسند البزار " للامام الحافظ ابى بكر احمد البزار ،مكتبة العلوم والحكم ، المدينة المنورة، الطبعة الاولى ١٤٠٩/١٩٨٨ .

" البداية والنهاية" للامام عماد الدين اسماعيل ابن كثير الدمشقى ، مركز البحوث والدراسات العربية و الاسلامية بدارهجر .

" التاريخ الكبير" للامام ابى عبد الله اسماعيل البخارى ، دار الكتب العلمية بيروت لبنان .

" الترغيب والترهيب " للامام الحافظ عبد العظيم المنذرى ،مكتبة المعارف الرياض، الطبعة الاولى ١٤٢٢ .

" الروض الانف " للامام المحدث عبد الرحمن السهيلى ، دار الكتب الاسلامية، الطبعة الاولى ١٣٨٧/١٩٦٨ .

" المطالب العالية " للامام الحافظ احمد بن على بن حجر العسقلانى ، دار العاصمة الرياض، الطبعة الاولى ١٤١٩/١٩٩٨ .

" المورد الروى فى المولد النبوى " للامام ملا على القارى الحنفى ، ادارة تحقيقات الاسلامية، لاهور الباكستان.



"تفسير الدر المنثور" للامام الحافظ جلال الدين السيوطى الشافعى ، مركز البحوث والدراسات العربية و الاسلامية بدارهجر، الطبعة الاولى ١٤٢٤/٢٠٠٣

"بغية الباحث فى زوائد مسند الحارث " للامام الحافظ نور الدين الهيثمى ،الجامعة الاسلامية بالمدينة المنورة، الطبعة الاولى ١٤١٣/١٩٩٢ .

"حياة الانبياء " للامام ابى بكر احمد بن حسين البيهقى ، مكتبة العلوم والحكم ، المدينة المنورة، الطبعة الاولى ١٤١٤/١٩٩٣ .

" دلائل النبوة : للامام ابى نعيم الاصفهانى ، دار النفائس بيروت ، الطبعة الثانية ١٤٠٦/١٩٨٦ .

" دلائل النبوة " للامام ابى بكر احمد بن حسين البيهقى ، دار الكتب العلمية بيروت ،الطبعة الاولى ١٤٠٨/١٩٨٨ .

"سبل الهدى والرشاد" للامام محمد بن يوسف الصالحى الشامى، وزاة الاوقاف القاهرة، الطبعة الاولى ١٤١٨/١٩٩٧ .

"سلوة الكئيب بوفاة الحبيب" للامام ناصر الدين الدمشقى ، دار البحوث للدراسات الاسلامية ، دبئى.

"سنن الترمذى" للامام محمد بن عيسى الترمذى، مكتبة المعارف الرياض، الطبعة الاولى .

"سنن ابن ماجة " للامام ابو عبدالله محمد بن یزید القزوینی ، مکتبة المعارف الریاض، الطبعة الاولی .

" سنن ابی داوٗد " للامام ابو داوٗد سلیمان بن اشعث السجستانی ، مکتبة المعارف الریاض، الطبعة الاولی .

"السنن الکبریٰ " للامام احمد بن شعیب النسائی ، مؤسسة الرسالة بیروت، الطبعة الاولی ۱۴۲۱/۲۰۰۱ .

" الشفاء فی تعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ " للامام ابی الفضل عیاض المالکی، جائزة دبئی الدولیة للقرآن الکریم ، الطبعة الاولی ۱۴۳۴/۲۰۱۳ .

"شرح اصول اعتقاد اهل السنة" للامام هبة الله الطبری اللالکائی ،الجامعة اُم القری ،المکة المکرمة، الطبعة الثانیة ۱۴۱۱

" شعب الایمان " للامام ابی بکر احمد بن حسین البیهقی ، مکتبة الرشد الریاض، الطبعة الاولی ۱۴۲۳/۲۰۰۳.

" شفاء السقام فی زیارة خیر الانام " للامام تقی الدین علی السبکی الشافعی، دار الکتب العلمیة بیروت .

" صحیح ابن حبان" للامام ابی حاتم محمدبن حبان البستی ، مؤسسة الرسالة بیروت، الطبعة الاولی ۱۴۰۸/۱۹۸۸ .

" صحیح بخاری" للامام ابی عبد الله اسماعیل البخاری ، دار الکتاب العربی بیروت، الطبعة الاولی .



" صحیح مسلم " للامام مسلم بن حجاج القشیری ، دار طیبة الریاض، الطبعة الاولی ۱۴۲۷/۲۰۰۶.

"الطبقات الکبیر" للامام محمد بن سعد الزهری ، مکتبة الخانجی بالقاهرة، الطبعة الاولی ۱۴۲۱/۲۰۰۱ .

"طبقات الشافعیة" للامام تاج الدین عبد الوهاب السبکی، دار احیاء الکتب العربیة.

"عیون الاثر" للامام ابی الفتح محمد ابن سید الناس، دار ابن کثیر بیروت.

" کتاب العظمة " للامام ابی الشیخ الاصفهانی، دار العاصمة الریاض.

" کشف الاستار عن زوائد البزار " للامام الحافظ نور الدین الهیثمی ، مؤسسة الرسالة بیروت، الطبعة الاولی ۱۳۹۹/۱۹۷۹ .

" المستدرک " للامام الحافظ ابو عبد الله الحاکم النیسابوری ، دار الحرمین قاهرة، الطبعة الاولی ۱۴۱۷/۱۹۹۷ .

" مجمع البحرین فی زوائد المعجمین" للامام الحافظ نور الدین الهیثمی ، مکتبة الرشد الریاض، الطبعة الاولی ۱۴۱۳/۱۹۹۲ .

" المعجم الاوسط " للامام ابی القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی ، دار الحرمین قاهرة، الطبعة الاولی ۱۴۱۵/۱۹۹۵ .

" المعجم الصغير " للامام ابی القاسم سلیمان بن احمد الطبرانی ، دار الکتب العلمیة بیروت ، الطبعة الاولی ۱۴۰۳/۱۹۸۳ .

" معجم البلدان " للشیخ یأقوت الحموی ، دار صادر بیروت ، الطبعة ۱۳۹۷/ ۱۹۷۷ .

"المسند" للامام احمد ابن حنبل، مؤسسة الرسالة بیروت، الطبعة الاولی ۱۴۱۶/۱۹۹۵ .

" المواهب اللدنية " للامام احمد بن محمد القسطلانی ، المکتب الاسلامی بیروت، الطبعة الثانية ۱۴۲۵/۲۰۰۴.